★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 22 رجب المرجب 1446ھ، 23 جنوری 2025ء، 11 ماگھ 2081ء پیج (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 95

5 سال بعد ایسا پنجاب چھوڑ کر جائیں گے کوئی سڑک ٹوٹی ہوگی نہ سیوریج خراب ہوگا

نواز مریم

50 ہزار گھرانوں کو 75 ہزار گھرانوں تک لیکر جائیں گے، ساڑھے 10 ہزار روپے نہیں بلکہ محمد نواز شریف اور پنجاب حکومت کی طرف سے ہدیہ اور تحفہ ہے

تہواروں پر مینارٹی گرانٹ 10 ہزار سے بڑھا کر 15 ہزار کر دی گئی ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا مینارٹی کارڈ کی لانچنگ تقریب سے خطاب



اسلام آباد صدر مملکت آصف علی زرداری میر شکیل الرحمٰن میموریل لائبریری اور آڈیٹوریم صدر آدم پر اعزازی سوئمنگ پیش کر رہے ہیں

لاہور (سعید فیاض) "اللہ تیں ۔۔۔۔۔۔ سر کا تاج" مریم نواز شریف نے دعوے کو سچ کر دکھایا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستان کا پہلا "ویجٹ فشر مینارٹی کارڈ" لانچ کر دیا۔ ایوان اقبال کمپلیکس میں ہندو، سکھ اور کرسچن سمیت دیگر برادری کے مرد و خواتین نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکا نے پاکستان زندہ باد کے نعروں سے وزیر اعلیٰ مریم نواز کا خیر مقدم کیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دعوے کو سچ کر دکھایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مینارٹی کارڈ 50 سے 75 ہزار کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ویجٹ فشر مینارٹی کارڈ کا پہلا کارڈ اپنے نام کروایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پاکستان کا پہلا "ویجٹ فشر مینارٹی کارڈ" لانچ کر دیا۔ ایوان اقبال کمپلیکس میں ہندو، سکھ اور کرسچن سمیت دیگر برادری کے مرد و خواتین نے شرکت کی۔ تقریب کے شرکا نے پاکستان زندہ باد کے نعروں سے وزیر اعلیٰ مریم نواز کا خیر (بقیہ نمبر 38)

بانی پی ٹی آئی سیاست نہیں کریں گے کرپشن کا جواب دینا ہوگا، طارق فضل چوہدری

بند لفافہ کا مبینہ اجلاس میں لایا گیا، ملزم نے جرم چھپانے کی کوشش مت کریں، وفاقی وزیر اطلاعات کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کیس کے خود ساختہ شواہد موجود تھے، میاں بیوی کو گھاس میڈیا کے کرپشن کیس پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے نے رشوت میں 200 کنال (بقیہ نمبر 37)

آئندہ الیکشن سے قبل اوورسیز پاکستانی ووٹنگ کیس کا فیصلہ کر دینگے، جسٹس جمال مندوخیل

اپوزیشن سول نافرمانی کی تحریک لائی ہماری حکمت عملی طے ہے، خواجہ آصف

جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں قائم آئینی بنچ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت کی، سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید احمد عدالت میں پیش ہوئے

کیس کی آئندہ سماعت دو ہفتوں بعد ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی عدالت نے اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت ملتوی کر دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بنچ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت کی، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں قائم آئینی بنچ میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹ سے متعلق کیس کی سماعت کی، سربراہ عوامی مسلم لیگ شیخ رشید (بقیہ نمبر 4)

کیس کی سماعت دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیے کہ آئندہ الیکشن سے قبل اور سیز پاکستانی کیس کا فیصلہ کر دینگے، جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ الیکشن سے قبل اور سیز

اپوزیشن سول نافرمانی تحریک لائی تو ہماری حکمت عملی پہلے سے طے ہے، سول نافرمانی پر کسی نے رقم نہیں روکی، بیرون ملک بیٹھے لوگوں نے اپنے گھروں میں پیسے بھجوانے ہیں

سول نافرمانی بھی دیکھ لی، 3 حملے بھی انہوں نے کر لئے ہیں اب کیا چاہتے ہیں کہ ہم منتوں پر آجائیں، یہ بتائیں کہ جوڈیشل کمیشن بنایا کیا فیصلہ کرنا ہے، وفاقی وزیر دفاع

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اگر اپوزیشن سول نافرمانی تحریک لائی تو ہماری حکمت عملی پہلے سے طے ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ شکر ہے کہ یہ سڑکوں پر نہیں آئے، یہ تو کہتے تھے کہ ہم سڑکوں پر آئیں گے، ہم نے انہیں ٹوئٹر پر للکارا، ہم نے ان کو ٹکا سا جواب دیا کہ مذاکرات ختم کر کے بات کریں، انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 3)



بھمبر وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں بھی دانش سکولوں کا جال بچھائیں گے، وزیر اعظم

سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی کشمیر کاز سے وابستگی غیر متزلزل ہے، اپنی سن جیسے کا بچہ ان امرا کے بچوں کے علاوہ غریب کا بچہ داخلہ نہیں لے سکتا، ہمارے بچے، بیٹے اور بیٹیاں آزاد کشمیر میں علم و دانش کے گہوارے میں تعلیم حاصل کریں گے

دانش سکول کے 100 فیصد اخراجات وفاق برداشت کریگا، پاکستانی طلباء کی چین میں جدید زرعی تربیت کا خرچ حکومت اٹھائے گی، تربیت کیلئے بھیجے جانے والے طلباء کے انتخاب میں شفافیت اور میرٹ کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت

مظفر آباد/اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ یقین دلاتا ہوں کہ افواج پاکستان کی سپہ سالار جنرل عاصم منیر کی کشمیر کاز سے وابستگی غیر متزلزل ہے، اپنی سن جیسے کا بچہ امرا کے بچوں کے علاوہ غریب کا بچہ داخلہ نہیں لے سکتا، ہمارے بچے، بیٹے اور بیٹیاں آزاد (بقیہ نمبر 4)

پیکا ایکٹ ترمیمی بل قومی اسمبلی میں پیش، فیک نیوز پر 5 سال کی سزا ہوگی

ترمیمی بل میں فیک نیوز سے متعلق تمام میں سزاؤں اور جرمانے کا تعین بھی شامل ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے پیکا ایکٹ ترمیمی بل 2025 ایوان میں پیش کیا، اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ صادق کی زیر صدارت ہونے والے قومی اسمبلی اجلاس میں مزید ترمیم کا بل قومی اسمبلی میں پیش کر دیا، بل پیش کرنے کا مقصد فیک نیوز کے پھیلاؤ کو روکنا ہے، بل کے مطابق فیک نیوز پر 3 سال قید اور 20 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا، مقررہ مدت میں ٹرائل مکمل نہ (بقیہ نمبر 36)

پنجاب کے ضمنی انتخابات کیس کا 26 ویں ترمیم سے تعلق نہیں، جسٹس منصور علی شاہ

ہمارا مقصد وہ نہیں تھا جو ہم جانا چاہتے تھے، کیس کیوں واپس ہوا، مقدمہ مقرر نہ کرنے سے معلوم نہیں، نذر عباس کا کنٹونمنٹ بورڈ الیکشن سے آپ کے ساتھ بھی کچھ ہو گیا ہے؟ ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے انتخابات کیس کی سماعت کے لیے مقررہ کیس میں اٹارنی جنرل نے سپریم کورٹ کی جانب سے مقرر کیے گئے عدالتی معاونین کا تعارف کرایا، جسٹس منصور علی شاہ نے استفسار کیا کہ کیا ہم جانتے تھے کہ کیس کیوں واپس ہوا اور مقدمہ مقرر نہ کرنے سے معلوم نہیں، نذر عباس کا کنٹونمنٹ بورڈ الیکشن سے آپ کے ساتھ بھی کچھ ہو گیا ہے؟ ریمارکس دیے، بینچ کے اختیار کا کیس سماعت کے لیے مقررہ کرنے پر توہین عدالت کے (بقیہ نمبر 35)



وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے راولپنڈی بار کا وفد ملاقات کر رہا ہے



ڈیوس، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب اور ورلڈ اکنامک فورم کے مباحثے میں شریک ہیں

چیئرمین زرعی ریسرچ کونسل کو ہٹانے کا عدالتی حکم معطل

ایکشن کمیشن دوگھر فریقین کو جواب جمع کروانے کے لیے وقت دینے کی استدعا منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ظلام محمد کو عہدے سے ہٹانے کا جسٹس بابر ستار کا آرڈر معطل کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6)

نواز شریف رائیونڈ میں بیٹھ کر فوج کی مانیٹرنگ بند کریں، پیر سٹر سیف

جعلی وزرا فوج کی قیادت کو متنازع بنانے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، بشیر اطلاعات پختونخوا

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا پیر سٹر سیف نے کہا ہے کہ نواز شریف رائیونڈ میں بیٹھ کر فوج کی مانیٹرنگ بند کریں۔ ایسے بیان میں پیر سٹر سیف کا کہنا تھا کہ نواز (بقیہ نمبر 6)

قومی اسمبلی میں اپوزیشن کا شور شرابہ، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس میں ہنگامہ آرائی، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں، اسپیکر ایاز صادق کی صدارت میں ہونے والے اجلاس میں پھر اپوزیشن نے (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ سندھ سے 11 ئے اسسٹنٹ کمشنرز کی ملاقات

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے 11 نئے اسسٹنٹ کمشنرز کی ملاقات ہوئی ہے۔ ملاقات کے (بقیہ نمبر 9)

میو ہسپتال انتظامی نااہلی کے باعث شدید مسائل سے دوچار

ہسپتال کی ایم آر آئی اور سی ٹی سکین مشینیں خراب ہوگئیں، ان ڈور سمیت آوٹ ڈور مریضوں کے ٹیسٹ رک گئے

مشینوں کی مرمت کا کام جاری ہے جلد ہی مرمت کر کے دوبارہ فعال کر دیا جائے گا۔ پروفیسر فیصل مسعود ایم ایس

لاہور (امداد الحق بلوچ) میو ہسپتال انتظامی نااہلی کے باعث شدید متاثر ہونے لگا اور ڈوں مشینیں خراب خراب ہونے کی وجہ سے ہسپتال میں مریضوں کا علاج معالجہ شدید متاثر ہونے لگا اور ڈوں مشینیں خراب واحد ایم آر آئی اور سی سکین مشینیں خراب ہوگئیں مشینیں ہونے کی وجہ سے ہسپتال میں مریضوں کا علاج (بقیہ نمبر 39)



سینیٹ کمیٹی کی ایف بی آر کو ایک ہزار گاڑیاں ٹریڈ نے سے روکنے کی سفارش

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی ذیلی کمیٹی برائے خزانہ نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو اگلے دو روپے پلانٹ کی (بقیہ نمبر 64)

پاکستان کو مذاکرات کی ضرورت، اچھا کرنے میں بھی دیر نہیں کرنی چاہیے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو مذاکرات کی ضرورت ہے، اچھا کرنے میں بھی دیر نہیں کرنی چاہیے۔ (بقیہ نمبر 3)



اسلام آباد وفاقی وزیر منصوبہ امور چوہدری سالک حسین سے ترکیہ کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پروپیگنڈے میں پی ٹی آئی کو کوئی نہیں ہرا سکتا، فیصل واوڈا

ڈبل آفر نہیں ہو رہی، اگر ہوئی تو ایک منٹ میں ہو جائے گی، سابق وزیر

کراچی (این این آئی) سابق وزیر سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ پروپیگنڈے میں پی ٹی آئی کو کوئی نہیں ہرا سکتا، ایک بیان میں فیصل واوڈا نے کہا کہ وزیر کا کہنا تھا کہ نواز شریف (بقیہ نمبر 68)

تحریک انصاف مذاکرات چوتھی تشکیل جوڈیشل کمیشن کے قیام سے مشروط

ہمیں بانی پی ٹی آئی کے احکامات ہے اگر جوڈیشل کمیشن نہیں بنتا تو مذاکرات نہ کئے جائے، رجز خان پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی

حکومت اصولی طور پر اعلان کرے کہ اہم جوڈیشل کمیشن کے قیام کے لئے تیار ہیں، حامد رضا کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) پی ٹی آئی مذاکراتی کمیٹی کے رجز خان صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ جاری اپنے ایک بیان میں حامد رضا کا کہنا تھا کہ حکومت جوڈیشل کمیشن کے قیام کے اعلان کے بغیر ہم چوتھی مذاکراتی نشست میں نہیں بیٹھیں گے۔ اسلام آباد میں قیام کے لئے تیار ہیں، کمیشن کے قیام کے اعلان کے بعد ہی آواز کے لیے ایک اور میٹنگ ہو سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہمارا مطالبہ (بقیہ نمبر 67)



اسلام آباد پارلیمنٹری سیکرٹری مسز شاہدہ اسامہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ازبکستان سے 2 ہزار ٹن گندم کی پہلی کھیپ پہنچ گئی

190 ملین پاؤنڈ چوری کا پیسہ ثابت کرنے کے مزید 4 گواہان کے بیان قلمبند

اسلام آباد (این این آئی) ازبکستان سے 2 ہزار ٹن گندم کی پہلی کھیپ پہنچ گئی، 190 ملین پاؤنڈ چوری کا پیسہ ثابت کرنے کے مزید 4 گواہان کے بیان قلمبند، ازبکستان سے 2 ہزار ٹن گندم کی پہلی کھیپ پہنچ گئی، 190 ملین پاؤنڈ چوری کا پیسہ ثابت کرنے کے مزید 4 گواہان کے بیان قلمبند

عمران خان کیخلاف جھوٹی گواہی دینے کیلئے شدید دباؤ ڈالا گیا، رانگی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کے قریبی ساتھی سید (بقیہ نمبر 4)

سندھ کا پانی ہمارے لیے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے، شرمیلا فاروقی

دریائے سندھ میں ویسے ہی پانی کم ہے، کینال لٹو نکالی جارہی ہیں مگر پانی کہاں سے آئے گا؟

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے صوبہ سندھ میں پانی کے مسئلے کو اجاگر کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ میں پانی کی کمی کا بحران ہیں، خصوصی گفتگو کرتے ہوئے پی پی رہنما شرمیلا فاروقی نے کہا کہ دریائے سندھ میں ویسے (بقیہ نمبر 2)



گیس لائن پیک پریشر خطرناک حد تک بڑھ گیا، پائپ لائن پھٹنے کا خطرہ

لاہور (این این آئی) جنوری میں سردی کے شدید موسم میں مین گیس (بقیہ نمبر 5)

پنجاب حکومت نے فرانزک سائنس ایجنسی کے ایکٹ کی منظوری دیدی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے فرانزک سائنس اتھارٹی کے (بقیہ نمبر 7)



واشنگٹن، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی امریکی امریکی ارکین کانگریس سے ملاقات کر رہے ہیں

اپنا گھر ٹھیک کرنے کیلئے بنا قرضوں کے بوجھ سے چھٹکارہ پانا مشکل ہے، وزیر خزانہ

قرض لینا برا نہیں قرض کا صحیح استعمال ضروری ہے، حکومت اخراجات میں کمی اور قرضوں کی ادائیگی کا حجم کم کرنے کے لئے کوشاں ہے

ڈیوس (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ہم اپنا گھر ٹھیک کرنے کیلئے بنا قرضوں کے بوجھ سے چھٹکارہ پانا مشکل ہے، وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب کا ورلڈ اکنامک فورم کے مباحثے میں کہنا تھا

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز



لاہور: سپیکر ملک محمد احمد خان سپیکر گلگت بلتستان نذیر احمد کے ہمراہ پنجاب اسمبلی کے تاریخی ایوان میں ویمن پارلیمانی کاکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ویمن پارلیمانی کاکس کا مقصد ایک جامع اور منصفانہ قانون سازی کے عمل کو فروغ دینا ہے

کاکس کی ورکنگ کونسل تمام پارلیمانی جماعتوں کی خواتین پر مشتمل ہے: اس اقدام سے خواتین کی آواز اور خیالات کو تمام قانون سازی کے فیصلوں میں شامل کیا جاسکے

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا خواتین پارلیمانی کاکس (WPC) کے اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے خواتین پارلیمانی کاکس (WPC) کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خواتین پارلیمانی کاکس ایک تاریخی سنگ میل ثابت ہوگا جو کہ قانون سازی کے عمل میں خواتین کے کردار کو مزید مستحکم کرنے کے لیے ایک منفرد پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ اس اقدام سے خواتین کی شمولیت اور قانون کی فروغ دینے کا عزم ظاہر ہوتا ہے اور ان کی آواز اور خیالات کو تمام قانون سازی کے فیصلوں میں شامل کیا جا سکے۔ ویمن پارلیمانی کاکس کا متعلقہ ایک جامع اور منصفانہ قانون سازی کے عمل کو فروغ دینا ہے۔ جو جماعتی حدود سے بالاتر ہو کر خواتین کے حقوق اور ان کے بارے میں بات کرنے سے متعلق امور پر تعاون اور اجتماعی اقدامات کو ممکن بناتا ہے۔ اس کے اہم افتتاحی تقریب میں چاروں صوبائی اسمبلیوں، قومی اسمبلی اور گلگت بلتستان اسمبلی کے وفود نے بھی شرکت کی۔ اس اجلاس کی صدارت سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کی۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کاکس کی قیادت کا تعارف بھی کرایا اور اس کے جماعتی تعاون پر بھی شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی محترمہ عشرت اشرف (مسلم لیگ ن) کو کنوینر محترمہ ماسہ چوہدری (پی پی آئی) ڈپٹی کنوینر، محترمہ مہوش سلطانہ (مسلم لیگ ن) جنرل سیکرٹری، محترمہ نیلم جبار (پیٹریاٹ پارٹی) خزانچی، محترمہ شاہدہ رحمانی ممبر قومی اسمبلی سیکرٹری محترمہ ثریا بی بی پی پی سپیکر (تیراہ پختونخوا اسمبلی)، محترمہ نگہت گلگت بلتستان اسمبلی، چوہدری عامر عباس سیکرٹری جنرل پنجاب اسمبلی، عشبیہ قاضی ثنائیہ اقوام متحدہ محترمہ سدرہ نعیم انصاری رکن سندھ اسمبلی محترمہ کلثوم فرحان، کنوینر (ویمن پارلیمانی کاکس گلگت بلتستان)، محترمہ شاہدہ رؤف وائس چیئر پرسن (خواتین پارلیمانی کاکس) شامل ہوئے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اس تاریخی موقع پر کہا کہ کاکس کی ورکنگ کونسل تمام پارلیمانی جماعتوں کی خواتین پر مشتمل ہے، جو متنوع نمائندگی کے حوالے سے پنجاب اسمبلی کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ انہوں نے اسمبلی کی حالیہ اقدامات پر بھی روشنی ڈالی جس کے تحت یہ اسمبلی انسٹیٹیوٹ کمیٹی میں کم از کم دو خواتین کی لازمی شمولیت۔ ××× ایڈیشنل کمیٹی آن ہیلتھ میں اسٹرابیری۔ ×× کا قیام، جو قانون سازی کے امور کا مستقل نقطۂ نظر سے جائزہ لے گی اور خواتین کو تربیتی کمیٹی کے ساتھ کام کریں گی۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے 10 ممبر بھی خواتین کو بااختیار بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس اجلاس میں اقوام متحدہ کے تعاون سے خواتین کا منعقدہ تقریب میں ایک متحرک، متبل مباحثہ بھی شامل تھا، جس میں علاقائی خواتین پارلیمانی کاکس کی کنوینرز نے اپنے تجربات شیئر کئے

حکومت خام مارئل، گرینائٹ کی برآمد پر پابندی عائد کرے خادم حسین

ویلیو ایڈڈ مصنوعات ٹائلز اور سینیٹس برآمد کی جائیں ڈائریکٹر پاکستان سٹونز ڈویلپمنٹ کونسل

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر پاکستان سٹونز ڈویلپمنٹ کونسل (پسیڈ) بشیر ناتھ، صدر فیڈریشن پور اپورڈ سابقہ ایگزیکٹو ممبر PIA اور چیئرمین آگہ کامرس خادم حسین نے وزیراعظم شہباز شریف سے خام مارئل اور گرینائٹ کی برآمد پر پابندی عائد کرنے کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے بجائے ویلیو ایڈڈ مصنوعات ٹائلز اور سینیٹس برآمد کی جائے جس سے ملک کے لئے بڑے پیمانے پر زرمبادلہ حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت گلاسس، بلڈنگ میٹریل اور طرح طرح کے دیگر برآمدی شعبوں کی طرح مارئل اور گرینائٹ کی صنعت کو بھی مختلف مدوں میں ریلیف دے کر اسے عالمی منڈیوں میں حریف ممالک کا مقابلہ کیا جائے۔ مارئل اور گرینائٹ کی عالمی سطح پر

نیب نے جدہ ٹاؤن سکینڈل کے 132 متاثرین میں 9 کروڑ 70 لاکھ روپے رقوم کے چیک تقسیم کر دیئے

جدہ ٹاؤن سکینڈل کے 132 متاثرین میں 9 کروڑ 70 لاکھ روپے رقوم کے چیک تقسیم کیے گئے

اسلام آباد (پ ر) قومی احتساب بیورو (نیب) کی تحقیقات کے نتیجے میں جدہ ٹاؤن سکیم کے 132 متاثرین کو 9 کروڑ 70 لاکھ روپے کے چیک تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں مہمان خصوصی ، ڈپٹی جنرل نیب نیب ساہر کاظمی کے علاوہ ، ریجنل ڈائریکٹر نیب راولپنڈی مرزا عرفان بیگ، ڈائریکٹر جنرل نیب راولپنڈی الیاس قمر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر جدہ ٹاؤن سکینڈل کے 132 متاثرین میں 9 کروڑ 70 لاکھ روپے رقوم کے چیک تقسیم کیے گئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی جنرل نیب ساہر کاظمی نے کہا کہ نیب کا ہدف لوٹی گئی رقوم کی ریکوری ہے۔ نیب کا مقصد متاثرین کو انصاف کی فراہمی ہے۔ نیب کا کام کرپشن کے ناسور کا خاتمہ ہے۔ نیب کا کام کرپشن کے ذریعے لوٹی گئی رقوم کی ریکوری

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 23 جنوری 2025ء

بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے، ایڈیشنل کمشنر

اس سلسلہ میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور حکومت پنجاب کی جانب سے دیے گئے ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کے حصول کے سلسلہ میں محنت سے کام کیا جائے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی / قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے ریونیو افسران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر مکمل عمل درآمد کیا جائے اور اس سلسلہ میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور حکومت پنجاب کی جانب سے دیے گئے ریونیو ریکوری کے ٹارگٹ کے حصول کے سلسلہ میں محنت سے کام کیا جائے، اس موقع پر تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، تحصیلدار اور دیگر ریونیو افسران بھی موجود تھے، اجلاس کو عوامی سہولت کے پیش نظر بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر عملدرآمد، رجسٹری، انتقالات، تبدیلی ریکارڈ، آبیانہ، مالیانہ سمیت ریونیو ریکوری کے سلسلہ میں پیش رفت بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ دیہی مراکز مال اور اراضی ریکارڈ سینٹرز میں عوام کو سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھا جائے اور بورڈ آف ریونیو کی جانب سے تفویض کی گئی ذمہ داروں کو احسن انداز میں سرانجام دینے کے لیے ریونیو افسران محنت اور دلجمعی سے کام کریں۔

محکمہ سوئی نادرن کے نادہندگان کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں: جنرل منیجر میاں سہیل

کمرشل وڈومیسٹک صارفین سے وصولیوں کا ماہانہ ہدف جلد پورا کرلیا جائے گا، گیس چوری کی روک تھام کے اقدامات کے باعث گیس لاسز میں نمایاں کمی آئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سوئی نادرن گیس کے جنرل منیجر میاں سہیل اکرم نے کہا ہے کہ نادھندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں رواں ماہ میں لاکھوں روپے کے واجبات وصول کئے گئے ہیں کمرشل و ڈومیسٹک صارفین سے وصولیوں کا ماہانہ ہدف جلد پورا کرلیا جائے گا گیس چوری کی روک تھام کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کے باعث گیس لاسز میں نمایاں کمی آئی ہے اور گیس پائپ لائنوں پر کمپریسر کے استعمال کے عمل کی بھی حوصلہ شکنی کی گئی ہے شہریوں کو گیس متواتر فراہم کی جارہی ہے اور گیس پریشر میں کمی کی شکایات کا مکمل اذالہ کیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، جی ایم میاں سہیل اکرم نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح صارفین کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور گیس چوری کی روک تھام ہے جس پر کوئی کمپرومائز ممکن نہیں، سردیوں کی آمد کے باعث گیس کے استعمال میں اضافہ کے پیش نظر لوڈ شیڈنگ کا دورانیہ بڑھایا نہیں گیا اور کمرشل و ڈومیسٹک صارفین کو شیڈول کے مطابق سوئی گیس کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے گیس عدم فراہمی کی کوئی شکایت نہیں اور نہ ہی گیس پریشر میں کمی کے حوالے سے صارفین نے کسی طرح کے تحفظات کا اظہار کیا ہے جو محکمہ کی موثر حکمت عملی کا نتیجہ ہے آئندہ بھی گیس کی دستیابی کے حوالے سے صارفین کو کسی طرح کی مشکل کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

ملکی ترقی و استحکام کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز اکٹھے ہوں: نوفل زکریا کھانڈ

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ معروف ایکسپورٹر



سیالکوٹ (بیورو چیف) ملکی ترقی و استحکام کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز اکٹھے ہوں۔ نوفل زکریا کھانڈ۔ سیالکوٹ بزنس کمیونٹی ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ معروف ایکسپورٹر۔ ملکی معیشت و اسٹاک مارکیٹ کو مصنوعی طور پر پالیسیوں سے چلایا جارہا ہے جس کے نتائج کسی بھی طرح بہتر نہیں ہوتے۔ ملکی ترقی و استحکام کیلئے داخلی حالات و معاشی صورتحال کی بہتری انتہائی اہم ہے جس کیلئے تمام سیاسی قوتوں و ریاستی اداروں کو ایک پیج پر مجتمع ہو کر مثبت عملی اقدامات کرنا ہونگے۔ ان باتوں کا اظہار ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے معروف بزنس مین و سیاسی سماجی شخصیت نوفل زکریا کھانڈ نے سفیر صحافیوں کیساتھ ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ وسیع تر قومی مفاد کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنی ذاتی انا کے بت گرا کر قومی یکجہتی اور وسیع تر قومی مفاد کو فروغ دیتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا۔

اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم کا شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن



شرقپور شریف (نامہ نگار محمد خضر حیات راجپوت) اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم کا شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کی ہدایات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر شرقپور میڈم انعم اکرم نے سی او میونسپل کمیٹی شرقپور کے ہمراہ مین بازار شرقپور کا دورہ کیا اور مین بازار کو بائیک فری بنانے کے لیے ہدایات جاری کی۔ صدیق اکبر میں ٹریفک جام ہونے کا سبب بننے والی متعدد گاڑیوں اور رکشوں کو ضبط کیا گیا کھمبوں سے بینرز اور پوسٹر ہٹائے گئے۔ ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور اسسٹنٹ کمشنر میڈم انعم اکرم نے سی او میونسپل کمیٹی شرقپور کے ہمراہ مین بازار شرقپور کا دورہ کیا اور مین بازار کو بائیک فری بنانے کے لیے ہدایات جاری کی۔

اقتصادی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لئے اہم اداروں کو مستحکم بنانا ضروری ہے: حسام علی وڑائچ

فیصل آباد (بیورو چیف) سماجی و سیاسی شخصیت چوہدری حسام علی وڑائچ نے کہا ہے کہ اقتصادی ترقی کی رفتار بڑھانے کے لئے اہم اداروں کو مستحکم بنانا ضروری ہے۔ اداروں کو بااختیار بنانے کے لئے ان میں سیاسی مداخلت کا خاتمہ اور انتظامیہ کی میرٹ پر تعیناتی ضروری ہے۔ اداروں کی خودمختاری اور میرٹ پر فیصلوں کے بغیر ملکی وغیر ملکی سرمایہ بڑھانا مشکل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں زیادہ وقت ایسا گزرا ہے جب اداروں میں گورننس کا فقدان رہا ہے فیصلے میرٹ پر نہیں کئے گئے اور سیاسی مداخلت عروج پر رہی جس سے بہت سے ادارے تو مفلوج ہو گئے جبکہ زیادہ تر کارکردگی مایوس کن حد تک گر گئی۔ جب اہم ادارے زوال پذیر ہونگے تو ترقی کی رفتار کیسے ممکن ہو سکتی ہے۔ اداروں کی فعالیت اور قوانین کے معاملہ میں پاکستان اپنے پڑوسی ممالک سے بہت پیچھے ہے جس کا اثر سرمایہ کاروں، عوام اور معیشت پر پڑتا ہے

تھانوں میں مافیا کی مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی پی او

پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے منشیات فروشوں کے خلاف منظم طریقے سے کاروائیاں کی جارہی ہیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ تھانوں میں ٹاؤٹ مافیا کی مداخلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی انصاف کی فراہمی کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے گا گزشتہ روز تھانہ مسن میں منعقدہ کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس موثر کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے منشیات فروشوں کے خلاف منظم طریقے سے کاروائیاں کی جارہی ہیں دیہی علاقوں میں چوری کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے ٹھیکری پہرے کو فعال رکھا جائے گا ڈی پی او نے پولیس اور شہریوں کے درمیان بہتر تعلقات قائم رکھنے پر بھی زور دیا کھلی کچہری میں شہریوں نے فرداً فرداً اپنے مسائل، شکایات اور تجاویز پیش کیں جس پر ڈی پی او نے عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران کو موقع پر احکامات جاری کیے کھلی کچہری میں شہریوں نے پولیس کی کارکردگی پر اعتماد کا اظہار کیا اور سراہا ڈی پی او کی طرف سے عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کے عزم کا اظہار کیا گیا

یکم فروری سے مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم مہم شروع ہوگی۔ محمد اقبال سنگھیڑہ

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو سیالکوٹ کا پلس ٹیم سمیت ریونیو افیسران سے خطاب



سیالکوٹ (بیورو چیف) یکم فروری سے ضلع سیالکوٹ میں مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم کی مہم کا آغاز کیا جارہا ہے، پنجاب اربن لینڈ سٹمنٹ انہانسمنٹ (پلیس) کے اشتراک سے محکمہ ریونیو سیالکوٹ اگلے 3 ماہ کے دوران مشترکہ کھیوٹ کی مہم چلائے گا۔ یہ بات ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ نے پلس ٹیم اور ریونیو افیسران کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اے ڈی سی ریونیو نے پلیس ٹیم سے مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم کے مراحل پر تبادلہ خیال کیا اور پلس کی کاوشوں کو سراہا اور ہر ممکن حمایت کی یقین دہانی کرائی۔ پلس ماہرین نے کہا کہ تمام اضلاع کی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ صوبہ بھر میں جاری مشترکہ کھیوٹ کی بڑے پیمانے پر تقسیم کو بروقت اور خوش اسلوبی سے مکمل کیا جاسکے۔

ممبر جوڈیشل بورڈ آف ریونیو پنجاب اقبال حسین اور ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈی سی کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ممبر جوڈیشل بورڈ آف ریونیو پنجاب اقبال حسین اور ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ڈی سی کمیٹی روم میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، ریونیو افسران سمیت لینڈ ریکارڈ اتھارٹی کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بورڈ آف ریونیو کے اقدامات پر عملدرآمد، سرکاری واجبات کی ریکوری، ڈویلپمنٹ سکیمز، کالونی کے امور میوٹیشن، سٹمپ ڈیوٹی، واٹر ریٹ، مختلف مدات میں سرکاری بقایاجات کی ریکوری کی پیشرفت، سب رجسٹرار کی کارکردگی، ای رجسٹریشن سمیت پوائنٹ انٹیگریٹرز کے ابداف کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہرینہ جونیجو و دیگر نے ریونیو ریکوری، اسٹیٹ لینڈ واگزار سمیت ریونیو اقدامات پر عملدرآمد بارے اجلاس کو بریفنگ دی۔ اجلاس کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز کو خصوصی ہدایات جاری کیں۔ ممبر جوڈیشل اقبال حسین نے کہا کہ نان ڈیجیٹلائزڈ موضع جات کی فروری کے آخر تک ڈیجیٹلائزیشن یقینی بنائی جائے اور ریونیو افسران دیے گئے ٹارگٹ کو ہر صورت اچیو کریں، کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کے حقوق کے معاملات میں ڈی سی او اسسٹنٹ کمشنرز تمام تر عمل کی خود نگرانی کریں اور سرکاری واجبات کی ریکوری کو مکمل کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ ممبر جوڈیشل نے کہا کہ ریونیو ریکوری کے نظام کو شفاف بنانے کے لیے انٹرنل آڈٹ ونگ کی تشکیل نو کی جارہی ہے۔

پیرامیڈیکل سائنسز کی جانب سے پنجاب میڈیکل فیکلٹی کورسز میں داخلے کے آغاز پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پرنسپل ڈاکٹر جمشید اکبر آرائیں صاحب کو اقبال انسٹیٹیوٹ آف پیرامیڈیکل سائنسز کی جانب سے پنجاب میڈیکل فیکلٹی کورسز میں داخلے کے آغاز پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ یہ اقدام صحت کے شعبے میں طلبہ کو اعلیٰ مہارت اور عملی تربیت فراہم کرنے کے لیے ایک انقلابی قدم ہے۔ یقیناً یہ ادارہ ڈسکہ کے طلبہ کے لیے ایک روشن مستقبل کی امید ہے، جہاں انہیں نہ صرف اپنے پیشے میں مہارت حاصل کرنے کا موقع ملے گا بلکہ وہ انسانیت کی خدمت میں بھی اپنا حصہ ڈال سکیں گے ڈاکٹر جمشید اکبر آرائیں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے کہ میں اس مقام تک پہنچا۔ یہ میرے لیے ایک خواب کی تعبیر ہے کہ ڈسکہ کے طلبہ کو معیاری تعلیم اور تربیت کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ نہ صرف اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں بلکہ اپنے علاقے اور ملک کا نام روشن کریں۔ میں دعا گو ہوں کہ یہ ادارہ طلبہ کے لیے بہترین پلیٹ فارم ثابت ہو اور انہیں ان کے خوابوں کی تعبیر حاصل ہو ڈسکہ پریس کلب کے چیئرمین چوہدری نبی احمد باجوہ ایڈووکیٹ، گروپ لیڈر درے خان اور چوہدری مظفر پرانے بھی ڈاکٹر صاحب کو اس عظیم کارنامے پر مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔

شہر بھر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع کرنے پر شہری و سماجی تنظیموں کا ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کو خراج تحسین

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہر بھر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن شروع کرنے پر شہری و سماجی تنظیموں کا ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کو خراج تحسین بلاتفریق آپریشن جاری رکھا جائے تفصیلات کے مطابق انجمن شہریان رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر رضوان الحق چوہان مزدور محاذ چنیوٹ کے صدر ڈاکٹر علی امین اسلامی فلاحی کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر طاہر عباس خضر مچھی سماجی کارکن غلام عباس ساقی نے شہر بھر میں ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کارپوریشن کی طرف سے شروع ہونے والے ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اندرون شہر اور فیصل آباد روڈ جھنگ روڈ سرگودھا روڈ پنڈی بھٹیاں روڈ سے ناجائز تجاوزات کو ختم کیا جائے اور فٹ پاتھ سے تجاوزات کو ہٹایا جائے شہری و سماجی تنظیموں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن کرے

محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ کا زائد المیعاد اور غیر قانونی زرعی ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف کامیاب کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) محکمہ زراعت پیسٹ وارننگ کا زائد المیعاد اور غیر قانونی زرعی ادویات فروخت کرنے والوں کے خلاف کامیاب کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالہ سے شوکت عباس اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ احمد پور سیال نے چک نمبر 5 / 3L، پل کنڈل کھوکھراں، تحصیل احمد پور سیال میں زائد المیعاد اور غیر قانونی زرعی ادویات فروخت کرنے والی دوکان پر کامیاب ریڈ کیا اور دو لاکھ روپے مالیت کی غیر قانونی زرعی ادویات برآمد کیں اور تھانہ احمد پور سیال میں مقدمہ کے اندراج کے لئے درخواست جمع کرا دی اور تمام زرعی ادویات بطور مال مقدمہ پولیس کے حوالے کر دی گئیں

بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 10 بجے سے دن 30.2 بجے تک بند رہے گی

جھنگ (بیورو رپورٹ) بجلی لائنوں کی ضروری مرمت کے سلسلہ میں صبح 10 بجے سے دن 30.2 بجے تک 23 جنوری کو تریموں بیراج، صوفی ٹیکسٹائل مل، صوفی رحمان ملز، تریموں، سی ایم ای سی، ملہوآنہ، رشید پور، اچنگل امام، 18 ہزاری، لاشاری، جیوآنہ، رکھ ڈھینگانہ، ماڑی شاہ نجیرہ فیڈرز، صبح 10 بجے سے دن 2 بجے تک 27 جنوری کو کوٹ سلطان، سرگودھا روڈ، کوٹ امیر، سوہجا گا، کوٹ عیسیٰ شاہ، شاہ جیونہ، شاہ جیونہ ٹیکسٹائل ملز، رسول پور، شیخن، کری والا، کلیرہ، پیر کوٹ، نورے والا، دوسیرہ، مسن، کرن فیڈرز، صبح 10.30 بجے سے 3 بجے تک 30 جنوری کو پکے والا فیڈر میں بجلی کی سپلائی معطل رہے گی

فسٹ نیشنل چیمپئن شپ 2024-25ء آزاد جموں کشمیر بال اینڈ ڈیک ہاکی (Ball and Dek Hockey) کا انعقاد مظفر آباد آزاد کشمیر ہوا

ملک بھر سے آئیوالی ٹیموں نے حصہ لیا، چیمپئن شپ میں بلوچستان، سندھ، سرحد، آزاد جموں کشمیر، اسلام آباد، پنجاب سے لاہور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ کی ٹیموں نے حصہ لیا



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) فسٹ نیشنل چیمپئن شپ 2024-25ء آزاد جموں کشمیر بال اینڈ ڈیک ہاکی (Ball and Dek Hockey) کا انعقاد مظفر آباد آزاد کشمیر ہوا جس میں ملک بھر سے آئیوالی ٹیموں نے حصہ لیا، چیمپئن شپ میں بلوچستان، سندھ، سرحد، آزاد جموں کشمیر، اسلام آباد، پنجاب سے لاہور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ کی ٹیموں نے حصہ لیا، فسٹ نیشنل چیمپئن شپ میں گوجرانوالہ کینز کی ٹیم نے تیسری پوزیشن حاصل کر کے براؤن میڈل حاصل کیا، گوجرانوالہ کینز کی ٹیم کو تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر ٹیم منیجر شہباز احمد، کوچ محمد سعید بٹ نے پوری ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ کھیل نوجوان نسل کو راہ راست پر رکھنے کیلئے ضروری ہیں کیونکہ کھیلوں میں حصہ لینے والی نوجوان صحتمند جسم اور صحتمند دماغ کے حامل ہوتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ جس قدر کھیلوں کے میدان آباد ہوں گے معاشرہ میں اس قدر مثبت تبدیلیاں رونما ہوگی، جس معاشرہ میں مثبت رونما ہوتی ہیں تو وہی معاشرہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔

عارف والا/ڈپٹی کمشنر پاک پتن محترمہ ماریہ طارق صاحبہ کی عارف والا آمد انکروچمنٹ آپریشن کا تفصیلی جائزہ

(راو ندیم تحصیل رپورٹر) عارف والا/ڈپٹی کمشنر پاک پتن محترمہ ماریہ طارق صاحبہ کی عارف والا امد۔ تھانہ بازار۔ کارخانہ بازار۔ قبولہ بازار۔ ریل بازار انکروچمنٹ آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا۔ عارف والا/ڈپٹی کمشنر پاک پتن محترمہ ماریہ طارق کا کہنا تھا۔ وزیراعلی مریم نواز کے تھرا پنجاب پروگرام کے تحت تحصیل بھر میں انکروچمنٹ آپریشن جاری رہے گا ڈپٹی کمشنر پاکپتن ماریہ طارق کی عارف والا آمد، اسسٹنٹ کمشنر میر رومان خلیل کے ہمراہ انکروچمنٹ آپریشن کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پیدل شہر کے بازاروں کا چکر لگایا اور انکروچمنٹ آپریشن سے متعلق ہدایات جاری کیں۔

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، ایس ایچ او تھانہ بھوانہ انسپکٹر ساجد محمود کی ٹیم کے ہمراہ کاروائی، تین رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار، 20 لاکھ سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد، گرفتار ڈکیت گینگ ملزمان کے قبضہ سے واردتوں میں زیر استعمال ناجائز اسلحہ تین عدد پستل بھی برآمد: گرفتار بین الاضلاعی ڈکیت گینگ ملزمان میں ارشاد، شبر اور محمد عرفان شامل، مزید تفتیش کا عمل جاری۔

سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے ای کامرس سے استفادہ کرنے کی ضرورت ہے

وزیر آباد (نامہ نگار) سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے ای کامرس سے استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے کٹری مصنوعات کو عالمی منڈی میں پذیرائی حاصل ہو گی۔ چھوٹی صنعتوں کی ترقی کے لیے حکومت آسان شرائط پر قرضے فراہم کر رہی ہے۔ عالمی پلیٹ فارم زپر کٹری کی مقامی مصنوعات کو متعارف کرانے کے لئے ورکرز کی جدید خطوط پر تربیت کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائیزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی جنرل مینیجر صالحہ سعید نے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ وزیر آباد کے دورے کے موقع پر آل پاکستان کٹری ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد جمال بھٹہ کی سربراہی میں مینوفیکچررز اور ایکسپورٹرز کے ساتھ ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صنعت کاروں کی قومی ذمہ داری ہے کہ وہ سرکاری وسائل کے مثبت استعمال میں اپنا کردار ادا کریں۔

مولائے کائنات کو حضور نے علم کا دروازہ سے تشبیہ دی۔ رانا عثمان اعظم



سیالکوٹ (بیورو چیف) خلیفہ چہارم داماد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یوم ولادت کے موقع پر "جشن مولود کعبہ" کے دن کی مناسبت سے اہم نشست رانا لاء چیمبرز میں منعقد ہوئی جس میں شیر خدا مولائے کائنات حضرت علی رضہ اللہ عنہہ کے فضائل پر روشنی ڈالتے ہوئے معروف وکیل رہنما رانا عثمان اعظم خان نے کہا کہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں علم کا شہر اور علی اس شہر کا دروازہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے مرشد پیر طریقت رہبر شریعت محمد حسین المعروف لسوڑی والے سرکار کا تمام عقیدتمندوں کیلئے ایک ہی فرمان ہے کہ نماز قائم کریں مخلوق کے لئے آسانیاں پیدا کریں اور اخروی کامیابی کیلئے اہل بیت اطہار سے محبت اپنی زندگیوں میں قائم رکھیں۔ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقام غدیر خم پر خلیفہ چہارم حضرت علی کا بازو اپنے بازو کیساتھ بلند فرما کر نبی آخر الزماں نے فرمایا کہ لوگوں رکھو کہ جس جس کا میں مولی ہوں اس اس کا علی مولی ہے۔

پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد کے سالانہ انتخابات 2025 کا پنڈال سبزہ زار میں 27 جنوری کو سجے گا



فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) پریس کلب رجسٹرڈ فاروق آباد کے سالانہ انتخابات 2025 کا پنڈال بلدیہ فاروق آباد کے سبزہ زار میں 27 جنوری کو سجے گا۔ 17 جنوری کو کاغذات نامزدگی جمع کروائے جاچکے ہیں جس کے مطابق پینل نمبر 1. امیدوار برائے صدر چوہدری عدیل احمد ورک، جنرل سیکرٹری عزیز اقبال قریشی، پینل نمبر 2 امیدوار برائے صدر شہباز گھمن، جنرل سیکرٹری میاں ظفر اقبال، پینل نمبر 3۔ امیدوار برائے صدر میاں لیاقت جنرل سیکرٹری حافظ عثمان ہاشمی شامل ہیں جبکہ گزشتہ رات ممبر پریس کلب شفیق وڑائچ کی جانب سے ورکنگ جرنلسٹ پینل کے کاغذات نامزدگی قبول ہونے پر شاندار دعوت کا اہتمام کیا گیا جس میں گروپ لیڈر عمران ہاشمی سمیت پریس کلب کے ممبران نے شرکت کی، ورکنگ جرنلسٹ پینل کے امیدوار صدر میاں لیاقت علی جبکہ جنرل سیکرٹری امیدوار حافظ عثمان ہاشمی نے میزبان سمیت تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا اور عہد کیا کے کامیابی کے بعد اپنے منشور کے مطابق پریس کلب رجسٹرڈ کے تمام مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کریں گے جبکہ پریس کلب کے لیے جگہ اور بلڈنگ کا قیام اولین ترجیحات میں شامل ہوگا اس موقع پر تمام ممبران نے وکٹری کا نشان بنا کر ورکنگ جرنلسٹ پینل کو ووٹ، سپورٹ کی مکمل یقین دہانی کروائی

ڈویژن 16 انٹر تحصیل فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل تحصیل صدر کی ٹیم نے 5 گول سے جیت لیا ہے



گوجرانوالہ (بیورو چیف) انڈر 16 انٹر تحصیل فٹ بال ٹورنامنٹ کا فائنل تحصیل صدر کی ٹیم نے 5 گول سے جیت لیا ہے، مہمانان خصوصی کمشنر سید نوید حیدر شیرازی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر نے میچ دیکھا اور فاتح اور رنر اپ ٹیم کو انعامات سے نوازا۔ انٹر تحصیل انڈر 16 مقابلوں میں ضلع گوجرانوالہ کی تمام تحصیلوں کی ٹیموں نے حصہ لیا، فائنل میچ میں تحصیل صدر کی ٹیم نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مخالف ٹیم کو آؤٹ کلاس کر دیا اور فاتح قرار پائی۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے جیتنے والی ٹیم کو دو لاکھ روپے اور رنر اپ کو ایک لاکھ روپے انعام دیا۔ دریں اثناء ڈویژنل سپورٹس آفیسر فیصل امیر نے بتایا ہے کہ وزٹیم دو فروری سے آٹھ فروری تک گوجرانوالہ کینٹ میں انٹر ڈسٹرکٹ مقابلوں میں ضلع گوجرانوالہ کی نمائندگی کرے گی۔

یوم زکوۃ کے سلسلہ میں ضلعی زکوۃ آفیسر چنیوٹ محمد حبیب کی رضا کارانہ ادائیگی کے حوالے سے مخیر حضرات سے ملاقاتیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یوم زکوۃ کے سلسلہ میں ضلعی زکوۃ آفیسر چنیوٹ محمد حبیب نے جملہ سٹاف کے ہمراہ زکوۃ کی رضا کارانہ ادائیگی کے حوالے سے مخیر حضرات سے ملاقاتیں کی اور ان کو آگاہ کیا کہ محکمہ زکوۃ وعشر کا تمام نظام رمضان میں بینکوں کے ذریعے وصول کی گئی زکوۃ سے چلایا جاتا ہے، صاحب حیثیت لوگوں سے شرعی احکامات کے تحت زکوۃ وصول کر کے غربا مساکین او بیوگان کو ادا کی جاتی ہے۔ مخیر حضرات کو مزید آگاہ کیا گیا کہ محکمہ زکوۃ وعشر پنجاب کے زیر انتظام بیوگان معذورین اور غربا کو گزارا الاؤنس کی صورت میں زکوۃ کی ادائیگی کی جاتی ہے زکوۃ کی تقسیم کا طریقہ کار انتہائی صاف اور شفاف ہے گزارا الاؤنس کی ادائیگی بذریعہ موبائل پیمنٹنگ اور بائیومیٹرک تصدیق کے بعد کی جاتی ہے۔ حقین کے موبائل نمبر پر ادائیگی کے لیے پیغام بھیجا جاتا ہے اور مستحق بیج دکھا کر کسی بھی ایزی پیسہ شاپ سے رقم وصول کرتا ہے اس کے علاوہ فنی تربیت کے ادارہ جات میں زیر تربیت مستحق طالب علموں کی فیس کی ادائیگی کے علاوہ وظائف بھی دیے جاتے ہیں اور یہ کہ کالجز یونیورسٹی اور دینی مدارس میں زیر تعلیم غریب بچوں کو زکوۃ فنڈ سے وظائف کی ادائیگی بھی کی جاتی ہے مزید یہ کہ سرکاری ہسپتالوں کے ذریعہ مستحق افراد مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔ دوران سرگرمی واک کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں معززین، بزنس کمیونٹی میڈیا ایڈوائزر اور دفتری سٹاف نے بھر پور انداز میں شرکت کی۔

ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب نے طلباء کو روڈ سیفٹی اور سموگ کے متعلق لیکچر دیا

طلباء کو روڈ کراسنگ کے متعلق معلومات دی گئیں۔ طلباء کو بتایا گیا کہ ہمیشہ دائیں بائیں دیکھ کر روڈ کراس کریں



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید سے) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب اور ڈی پی او سیالکوٹ کی خصوصی ہدایت پر انچارج ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ ڈاکٹر شفقت رسول نے ڈی ایس پی ٹریفک ہیڈکوارٹر مدثر صدیق کی زیر نگرانی گورنمنٹ ہائی سکول ساہووالہ سمبڑیال ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں طلباء کو روڈ سیفٹی اور سموگ کے متعلق لیکچر دیا۔ جس میں طلباء کو روڈ کراسنگ کے متعلق معلومات دی گئیں۔ طلباء کو بتایا گیا کہ ہمیشہ دائیں بائیں دیکھ کر روڈ کراس کریں۔ ون ویلنگ ایک جان لیوا کھیل ہے اس سے اجتناب کیا جائے اور ٹریفک قوانین کی پاسداری کی جائے۔ بائیک چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال کریں اور کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوورٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ گاڑی میں کسی بھی قسم کی فنی خرابی یا پھر ایکسیڈنٹ کی صورت میں فوری طور پر گاڑی کو روڈ کی سائیڈ پر کھڑی کریں تاکہ پیچھے سے آنیوالی گاڑیاں نہ ٹکرائیں۔ آپ کی محفوظ ڈرائیورنگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔ اس کے علاوہ طلباء کو سموگ کے متعلق احتیاطی تدابیر اختیار کرنے بارے بھی بریف کیا گیا۔

سیاست اور ریاست کو یکجا کر کے ہی ملکی عوامی مفاد کا تحفظ یقینی بنایا جاسکتا ہے: میاں خالد محمود

شیخوپورہ (بیورو

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

گوادر ہوائی اڈے کا افتتاح

چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کے ثمرات پاکستان کو ملنا شروع ہو گئے ہیں اور اس سلسلے کی اہم کڑی گوادر ہوائی اڈے کا افتتاح ہے۔ کراچی سے پہلی کمرشل پرواز سوموار کو نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ پر کامیابی سے لینڈ کر گئی۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ کا فعال ہونا پاکستان کی ہوا بازی اور علاقائی رابطوں کے نئے دور کا آغاز ہے۔ پاکستان نے کراچی سے گوادر جانے والی پرواز کے ذریعے ایک اہم سنگ میل عبور کیا۔ اس حوالے سے وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے نیو گوادر انٹرنیشنل ائیر پورٹ کی اقتصادی ترقی، علاقائی سیاحت، اور بین الاقوامی رابطوں کو فروغ دینے میں اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ نیا ائیر پورٹ تجارت، سیاحت اور مقامی کاروبار کو فروغ دے گا۔ ائیر پورٹ کے افتتاح کے حوالے سے ہونے والی تقریب کے دوران خواجہ آصف نے نیو گوادر ایئر پورٹ کی کامیابی میں کردار ادا کرنے والے معزز مہمانوں کو اسناد اور شیلڈز پیش کیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے گوادر ایئر پورٹ سے پروازیں شروع ہونے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گوادر کو وسطی و مشرقی ایشیا اور مشرق وسطی و خلیجی ممالک کے درمیان ایک اہم رابطہ بنانے کے لیے ایک اور سنگ میل عبور کر لیا گیا۔ گوادر ایئر پورٹ کا فعال ہونا نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے میں مواصلاتی روابط کے فروغ کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ گوادر ائیر پورٹ کے فعال ہونے سے سی پیک سے پاکستان اور خطے کی ترقی کا خواب شرمندہ؟ تعبیر ہوگا۔ گوادر ہوائی اڈا چین اور پاکستان کی دوستی کے مضبوط اور باہمی طور پر مفید ہونے کی ایک عمدہ مثال ہے۔ سی پیک کے آگے بڑھنے سے دونوں ہمسایہ ملکوں کو تو فائدہ ہوگا ہی، اس کے ذریعے دیگر ممالک سے مستفید ہو سکیں گے اور خطے کے اندر اور باہر بین الاقوامی تجارت اور روابط کے ایک نئے سلسلے کی بنیاد رکھی جائے گی۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت سمیت کئی ممالک اس پراجیکٹ کو نہ صرف ناپسند کرتے ہیں بلکہ اس کو نقصان پہنچانے کے لیے مختلف طرح کے ہتھکنڈے بھی استعمال کر رہے ہیں۔ پاکستان کو چاہیے کہ اس منصوبے کی سکیورٹی اور دیگر معاملات پر زیادہ توجہ دے تاکہ اس کی مخالفت کرنے والے کے مذموم عزائم کو خاک میں ملایا جا سکے۔

خلیفہ کے آنسو

غور کریں تو دل کو دھچکا سا لگتا ہے کہ قیامت خیز ترقی کے باوجود ہم کتنے تہی دست ہیں ہمارے دامن میں ماضی کی دردناک روایات کے علاوہ کچھ بھی تو نہیں ہم اپنے حال کے سامنے شرمندہ شرمندہ ہیں، مستقبل بھی خدانہ کرے روحانی لحاظ سے بانجھ نہ ہو جائے ہر چیز پر مادیت غالب آجائے تو معاشرے کا یہی حال ہوتا ہے اللہ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ چچا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کا گھر مسجد نبوی کے ساتھ احاطہ میں تھا سال ہا سال سے مکان کی یہی ترتیب تھی حضور پاک ﷺ کے دور ہی سے اس مکان کا پرنالہ مسجد کی طرف تھا جب بھی بارش ہوتی تو پرنالہ سے پانی گرتا جس کے چھینٹے نمازیوں پر پڑتے جس سے ان کے کپڑے بھیگ جاتے لیکن حد ادب کے مارے کوئی گلہ شکوہ ہونٹوں پر نہ لاتا۔ سردی کے موسم میں دوسرے خلیفۃ المسلمین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نماز ادا کرنے کے لئے مسجد نبوی ﷺ آئے بارش شروع ہوگئی پرنالے سے نمازیوں پر چھینٹے پڑتے دیکھے تو کچھ سمجھے سوچے بغیر سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کی عدم موجودگی میں پرنالے کو اکھاڑ پھینکا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ گھر واپس آئے دیکھا ان کے مکان کا پرنالہ اتار دیا گیا ہے انہوں نے کرخت لہجے میں پوچھا یہ کس کا کام ہے؟ گھر والوں نے جواب دیا پرنالہ امیر المومنین کے حکم سے پرنالہ اتار دیا گیا ہے جن کا کہنا تھا اس سے نمازیوں پر چھینٹے پڑتے ہیں۔ یہ سن کر حضور پاک ﷺ کے چچا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ وقتی طور پر تو خاموش ہو گئے لیکن انہوں نے قاضی کی عدالت میں خلیفہ کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا ان دنوں قاضی القضاء (چیف جسٹس) کا عہدہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس تھا جن کے انصاف اور عدل کا چرچا دور دور مشہور تھا انہوں نے عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو عدالت حاضر ہونے کا حکم دیدیا مقررہ وقت پر جب امیر المومنین قاضی القضاء ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی عدالت میں پیش ہوئے تو وہ اس دوران لوگوں کے مقدمات سن رہے تھے۔ قاضی صاحب کی ہدایت کے مطابق عدالتی اہلکار نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو کہا آپ اپنی باری پر پیش ہوں۔ کافی انتظار کے بعد جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ عدالت کے روبرو پیش ہوئے ابھی انہوں نے تو بات کرنے کا ارادہ ہی کیا تھا کہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اٹھا کر بات کرنے روک دیا اور بڑی متانت سے بھاری لہجے میں کہا ''بات کرنے کا پہلا حق مدعی کا ہوتا ہے کہ وہ اپنا دعویٰ پیش کرے پھر قاضی نے سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کو اپنا مدعا بیان کرنے کو کہا مدعی نے بتایا میرے مکان کا پرنالہ شروع سے مسجد نبوی ﷺ کی طرف تھا، زمانہ نبوی کے بعد خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور میں بھی وہ اسی پوزیشن میں یہی رہا لیکن اب عمر فاروقؓ نے میرے مکان کا پرنالہ میری عدم موجودگی میں میری اجازت کے بغیر اتار دیا ہے جو انصاف کے منافی ہے۔ چیف جسٹس ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے گہری نظروں سے فریقین کو دیکھا اور کہا ہمارے پیش نظر شخصیت نہیں آپ بے فکر رہیں بخدا آپ کو انصاف ملے گا۔ قاضی نے کٹہرے میں کھڑے خلیفہ دُوئم سیدنا عمر فاروقؓ سے پوچھا کیا یہ سچ ہے؟ اگر ایسا ہی ہے تو آپ نے ان کے گھر کا پرنالہ کیوں اتار پھینکا؟ بائیس لاکھ مربع میل کے حاکم نے قاضی کے روبرو پیشانی پر کوئی شکن لائے بغیر گہری سانس لیتے ہوئے کہا سیدنا عباسؓ کے مکان کے پرنالے کا رخ مسجد نبوی ﷺ کی طرف تھا جب بارش ہوتی ہے پرنالے سے پانی بہتا ہے اور چھینٹے نمازیوں پر پڑتے ہیں جس سے نمازیوں کو پریشانی ہوتی اس لئے میں نے اسے اتار دیا میرے پیش ِ نظر صرف نمازیوں کی فلاح مقصود تھی یہ میری انا کا معاملہ ہے نہ کوئی عداوت ۔ مجھے یہی مناس لگا کہ نمازی بارش کے پانی سے محفوظ رہ سکیں۔



قاضی القضاء ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے سیدنا عباسؓ کی طرف دیکھ کر کہا تمہارے دعوے کا کوئی گواہ بھی ہے کہ یہ پرنالہ عہد نبوی سے یہاں نصب ہے؟ حضور پاک ﷺ کے چچا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے اثبات میں سر ہلایا اور کہا میں نے اپنے دعوے کی صداقت میں کچھ دیر بعد گواہ پیش کر سکتا ہوں یہ سن کر قاضی نے کچھ دیر کیلئے عدالتی کاروائی مؤخر کر دی کچھ ہی دیر بعد سیدنا عباسؓ جلدی سے باہر گئے اور کچھ انصار کو لے کر آئے انہوں نے گواہی دی کہ سیدنا عباسؓ سچ کہہ رہے ہیں پھر انہوں نے ماضی کو کریدتے ہوئے بتایا جس جگہ میرا مکان ہے یہاں رسول پاک ﷺ نے اپنی چھڑی سے مجھے نشان لگا کر دیا اور میں نے اسی جگہ مکان بنایا پھر جب پرنالہ نصب کرنے کا وقت آیا تو رسول اللہ ﷺ نے کہا چچا میرے کندھے پر کھڑے ہو کر اس جگہ پرنالہ نصب کر دیں میں نے ایسا کرنے سے انکار کیا مگر بھتیجے کے اصرار پر میں نے ان کے مبارک کندھے پر کھڑا ہو کر یہاں پرنالہ نصب کیا یہاں پرنالہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لگوایا تھا۔ یہ سنتے ہی سیدنا عمر فاروقؓ کی چیخ نکل گئی جیسے ان کے ہوش اڑ گئے ہوں اور وہ زار و قطار رونے لگے، آنسوؤں کی ساون بھادوں کے دوران انہیں پیارے نبی ﷺ کا سراپا یاد آنے لگا تو ان کی ہچکی بندھ گئی، عہدِ نبوی کا منظر اور اللہ کے آخری نبی ﷺ قربت کی یادیں نگاہوں میں گھوم گھوم گئیں۔ انہوں آگے بڑھ کر سیدنا عباسؓ کا بازو تھام لیا اور کہا بخدا مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ پرنالہ رسول پاک ﷺ نے خود لگوایا تھا عمر کی اتنی کیا اوقات کہ وہ نبی پاک کے حکم کی سرتابی کر سکے آپ ابھی میرے ساتھ آپ چلئے جیسے رسول پاک ﷺ نے یہ پرنالہ لگوایا تھا ویسے ہی آپ لگائیں۔ پھر چشم کائنات نے ایک عجب منظر دیکھا! 22 لاکھ مربع میل کا حاکم سر جھکائے کھڑا ہے، جس کا نام سن کر قیصر و کسری کے ایوانوں میں لرزہ طاری ہو جاتا تھا ان کے دونوں ہاتھ مکان کی دیوار پر ہیں جس کے ساتھ وہ ٹک کر کھڑا ہو گیا بالکل اسی طرح جیسے برسوں پہلے رسول پاک ﷺ کھڑے ہوئے تھے، سیدنا عباسؓ امیر المومنین کے اصرار پر ان کے کندھوں پر کھڑے ہو گئے اور دوبارہ اسی جگہ پرنالہ لگا دیا یعنی ایک سنت زندہ ہو گئی پرنالہ دوبارہ نصب ہو گیا تو خلیفہ دُوئم نے بھیگی آنکھوں سے سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کو کہا جو مجھ سے فروگذاشت ہو گئی ہے معاف کر دیں اللہ درگذر کریں یہ سن کر نبی پاک ﷺ کے چچا مسکرائے اور انہیں گلے لگا لیا کچھ دنوں بعد سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے مکان مسجد نبوی کو وقف کر دیا (مسند' الامام احمد بن حنبل، 1/210، الحدیث رقم 1790 سے مستعار) چھینٹے نمازیوں پر پڑتے ہیں جس سے نمازیوں کو پریشانی ہوتی اس لئے میں نے اسے اتار دیا میرے پیش نظر صرف نمازیوں کی فلاح مقصود تھی یہ میری انا کا معاملہ ہے نہ کوئی عداوت ۔ مجھے یہی مناس لگا کہ نمازی بارش کے پانی سے محفوظ رہ سکیں۔ قاضی القضاء ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے سیدنا عباسؓ کی طرف دیکھ کر کہا تمہارے دعوے کا کوئی گواہ بھی ہے کہ یہ پرنالہ عہد نبوی سے یہاں نصب ہے؟ حضور پاک ﷺ کے چچا سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے اثبات میں سر ہلایا اور کہا میں نے اپنے دعوے کی صداقت میں کچھ دیر بعد گواہ پیش کر سکتا ہوں یہ سن کر قاضی نے کچھ دیر کیلئے عدالتی کاروائی مؤخر کر دی کچھ ہی دیر بعد سیدنا عباسؓ جلدی سے باہر گئے اور کچھ انصار کو لے کر آئے انہوں نے گواہی دی کہ سیدنا عباسؓ سچ کہہ رہے ہیں پھر انہوں نے ماضی کو کریدتے ہوئے بتایا جس جگہ میرا مکان ہے یہاں رسول پاک ﷺ نے اپنی چھڑی سے مجھے نشان لگا کر دیا اور میں نے اسی جگہ مکان بنایا پھر جب پرنالہ نصب کرنے کا وقت آیا تو رسول اللہ ﷺ نے کہا چچا میرے کندھے پر کھڑے ہو کر اس جگہ پرنالہ نصب کر دیں میں نے ایسا کرنے سے انکار کیا مگر بھتیجے کے اصرار پر میں نے ان کے مبارک کندھے پر کھڑا ہو کر یہاں پرنالہ نصب کیا یہاں پرنالہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے خود لگوایا تھا۔ یہ سنتے ہی سیدنا عمر فاروقؓ کی چیخ نکل گئی جیسے ان کے ہوش اڑ گئے ہوں اور وہ زار و قطار رونے لگے، آنسوؤں کی ساون بھادوں کے دوران انہیں پیارے نبی ﷺ کا سراپا یاد آنے لگا تو ان کی ہچکی بندھ گئی، عہدِ نبوی کا منظر اور اللہ کے آخری نبی ﷺ قربت کی یادیں نگاہوں میں گھوم گھوم گئیں۔ انہوں آگے بڑھ کر سیدنا عباسؓ کا بازو تھام لیا اور کہا بخدا مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ پرنالہ رسول پاک ﷺ نے خود لگوایا تھا عمر کی اتنی کیا اوقات کہ وہ نبی پاک کے حکم کی سرتابی کر سکے آپ ابھی میرے ساتھ آپ چلئے جیسے رسول پاک ﷺ نے یہ پرنالہ لگوایا تھا ویسے ہی آپ لگائیں۔ پھر چشم کائنات نے ایک عجب منظر دیکھا! 22 لاکھ مربع میل کا حاکم سر جھکائے کھڑا ہے، جس کا نام سن کر قیصر و کسری کے ایوانوں میں لرزہ طاری ہو جاتا تھا ان کے دونوں ہاتھ مکان کی دیوار پر ہیں جس کے ساتھ وہ ٹک کر کھڑا ہو گیا بالکل اسی طرح جیسے برسوں پہلے رسول پاک ﷺ کھڑے ہوئے تھے، سیدنا عباسؓ امیر المومنین کے اصرار پر ان کے کندھوں پر کھڑے ہو گئے اور دوبارہ اسی جگہ پرنالہ لگا دیا یعنی ایک سنت زندہ ہو گئی پرنالہ دوبارہ نصب ہو گیا تو خلیفہ دُوئم نے بھیگی آنکھوں سے سیدنا عباس رضی اللہ عنہ کو کہا جو مجھ سے فروگذاشت ہو گئی ہے معاف کر دیں اللہ درگذر کریں یہ سن کر نبی پاک ﷺ کے چچا مسکرائے اور انہیں گلے لگا لیا کچھ دنوں بعد سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے مکان مسجد نبوی کو وقف کر دیا (مسند' الامام احمد بن حنبل، 1/210، الحدیث رقم 1790 سے مستعار)

گوادر پورٹ اور سندھ طلبہ یونین

گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی اور سندھ میں طلبہ یونین پر قرارداد کثرت رائے سے مسترد کر دی گئی ہے جماعت اسلامی کے رکن محمد فاروق نے ان دونوں معاملات پر بات کرنے سے پہلے چند باتیں ان کاروباری لوگوں کی جنکا مستقبل درمیانے درجے کے کاموں اور انٹرنیٹ سے وابستہ ہے وہ اس وقت شدید کرب کا شکار ہیں اور اگر انہیں حکومت نے بلاسود قرضوں کی آسیجن فراہم نہ کی تو پھر حالات کسی طرف بھی جا سکتے ہیں اس وقت ہماری بڑی اور چھوٹی انڈسٹری تقریباً ختم ہو چکی ہے اس لیے ضرورت اس امر کی ہے پاکستان کی اقتصادی بحالی کا انحصار چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کو بااختیار بنانے مالیاتی نظم وضبط کو برقرار رکھنے اور نجی شعبے کی مکمل صلاحیتوں کو کھولنے کے لیے مربوط پالیسیاں اپنانے پر ہے اس لیے مینوفیکچرنگ اور ایس ایم ای سیکٹرز پر توجہ دی جانی چاہیے جس سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے اگرچہ اس سلسلہ میں دوست ممالک سے براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری بھی ضروری ہے لیکن اس میں اکثر طویل فزیبلٹی اسٹڈیز کی وجہ سے تاخیر ہو جاتی ہے اس وقت حکومت کو ان سرمایہ کاری پر توجہ دینی چاہیے جو مختصر مدت میں حاصل کی جا سکتی ہیں چاہے وہ مقامی ہوں یا غیر ملکی اور انہیں ایس ایم ایز جیسے پیداواری شعبوں میں منتقل کرنا چاہیے آج کا دور آئی ٹی کا دور ہے اور اس حوالہ سے ہماری حکومتوں کی عدم دلچسپی سے ہمارا یہ شعبہ بھی ختم ہو رہا ہے اور رہی سہی کسر انٹرنیٹ کی سست ترین سپیڈ نے پوری کر دی ہے پاکستان میں انٹرنیٹ کی جاری رکاوٹیں کال سنٹر کی صنعت کو بھی شدید متاثر کر رہی ہیں جس سے انہیں مالی نقصان ہو رہا ہے ملک غیر منظم انٹرنیٹ کنیکٹیویٹی کا شکار ہے انٹرنیٹ سے منسلک کاروبار کرنے والے سروس کے معیار کو برقرار رکھنے اور صارفین کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اس وقت کال سینٹر والے بھی اسی سست انٹرنیٹ کا شکار ہیں جہاں سینکڑوں بچے اور بچیاں روزگار کمار ہے ہیں جہاں انٹرنیٹ میں بار بار رکاوٹوں کے نتیجے میں کال کا معیار خراب ہوتا ہے اور کنکشن ختم ہو جاتے ہیں جس سے کال سینٹرز کے لیے سروس لیول ایگریمنٹس کو پورا کرنا مشکل ہو جاتا ہے یہ صورتحال محدود بینڈ وڈتھ کی وجہ سے بڑھ گئی ہے جو متعدد کالوں کو منظم کرنے یا جدید سافٹ ویئر ٹولز کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کی صلاحیت کو روکتی ہے ویڈیو کانفرنسنگ اور وائس اوور انٹرنیٹ پروٹوکول کا لز خاص طور پر کمزور ہیں جو مواصلات کو مزید پیچیدہ بنا رہے ہیں جبکہ مخصوص انٹرنیٹ سروس فراہم کرنے والوں پر اُٹھنا ایک اجارہ دارانہ ماحول پیدا کرتا ہے جس کے نتیجے میں قیمتیں زیادہ ہوتی ہیں اور سروس کے معیار میں کمی ہوتی ہے یہ محدود مقابلہ ان کاروباروں کے لیے توسیع پذیری کو محدود کرتا ہے جو آپریشنز کو بڑھانا چاہتے ہیں موجودہ انٹرنیٹ انفراسٹرکچر میں بہت سی خامیاں اور رکاوٹیں ہیں جو جدید ٹیکنالوجی جیسے کلاؤڈ کمپیوٹنگ یا مصنوعی ذہانت کے انضمام کو اپنانے میں چیلنج ہیں اب آتے ہیں گوادر پورٹ کی طرف جہاں اب ترقیاتی کام اپنے عروج پر ہیں ائر پورٹ مکمل ہو چکا ہے گزشتہ روز باقاعدہ کام شروع کر دیا چین کی جانب سے مہیا کیے گئے 230 ملین ڈالر کی لاگت سے یہ منصوبہ مکمل ہوا گوادر ایئر پورٹ اب پاکستان کے بڑے ہوائی اڈوں میں شمار ہوگا اگر یہ ایئر پورٹ کاروباری مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے تو بلوچستان اور پاکستان کی معیشت بہت زیادہ فائدہ پہنچ سکتا ہے لیکن جو لوگ اس وقت پاکستان سے دشمنی پر اترے ہوئے ہیں اور قتل وغارت کا بازار گرم کیے ہوئے ہیں آج انہیں یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ وہ قتل وغارت کر کے نہ صرف بلوچستان کے عوام کے خلاف جا رہے ہیں بلکہ یہ پاکستان کے ساتھ صریحاً دشمنی ہے چین جیسا دوست ملک جس نے اپنے وسائل سے یہ ایئر پورٹ تحفے میں دیا ہے ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے گوادر اس وقت ہمارے لیے اشد ضروری ہے کیونکہ کراچی کی بندرگاہ میں پہلے ہی تنگ ہیں وہاں آمدورفت کا بے تحاشہ بوجھ ہے ایسے میں گوادر پورٹ کے خلاف محاذ آرائی پاکستان دشمنی ہے اب بات کر لیتے ہیں سندھ میں طلبہ یونین پر پابندیوں کی اس سلسلہ میں سندھ اسمبلی نے طلبا یونین کی بحالی کیلئے جماعت اسلامی کی قرارداد کثرت رائے سے مسترد کر دی گئی ہے جماعت اسلامی کے رکن محمد فاروق نے طلبا یونین کی بحالی سے متعلق قرارداد پیش کی جس میں مطالبہ کیا گیا کہ طلبا کے جمہوری حق کو تسلیم کرتے ہوئی آئین پاکستان کے مطابق فوری طلبہ یونین کے انتخابات کرائے جائیں پیپلز پارٹی کے ضیا لنجارنے کہا کہ طلبا یونین پر کام ہو رہا ہے پیپلز پارٹی کا بھی اپنا موقف ہے طلبا یونینز ہمارے منشور میں بھی موجود ہے اور سندھ حکومت نے طلبا یونینز سے پابندیاں ہٹا دی ہیں اس لیے میرے حساب سے اس قرارداد کی ضرورت نہیں ہے جبکہ جماعت اسلامی کا موقف ہے۔



میری بات

روہیل اکبر

www.facebook.com/Rohailakbar
03004821200
E-mail: rohailakbar@gmail.com

تمام تعلیمی اداروں کو دو ماہ میں قوانین وضوابط مرتب کر کے ہر سال طلبہ یونین کے انتخابات کا انعقاد کرنا تھا ڈھائی سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود سندھ بھر میں طلبہ یونین کے انتخابات کا انعقاد نہ ہونا اور طلبہ کو آئین کے آرٹیکل 17 کے مطابق یونین سازی کے بنیادی حق سے محروم رکھنا افسوسناک ہے 24 اکتوبر 2024 کو سپریم کورٹ آف پاکستان نے اپنے فیصلے میں ملک بھر کی جامعات میں طلبہ یونین کے انتخابات کے انعقاد کا بھی حکم جاری کیا ہے طلبہ کے جمہوری حق کو تسلیم کرتے ہوئے آئین پاکستان کے مطابق فوری طلبہ یونین کے انتخابات کرائے جائیں پیپلز پارٹی کے ضیا لنجارنے کہا کہ طلبا یونین پر کام ہو رہا ہے پیپلز پارٹی کا بھی اپنا موقف ہے طلبا یونینز ہمارے منشور میں بھی موجود ہے اور سندھ حکومت نے طلبا یونینز سے پابندیاں ہٹا دی ہیں اس لیے میرے حساب سے اس قرارداد کی ضرورت نہیں ہے جبکہ جماعت اسلامی کا موقف ہے۔ یہ ریڑھی بان، چھوٹے دکاندار، اور مزدور پیشہ افراد اپنی روزی روٹی کے لیے انہی غیر قانونی جگہوں پر انحصار کرتے ہیں۔ جب ان کے کاروبار ختم کر دیے جاتے ہیں تو ان کے لیے روزگار کے متبادل مواقع تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تجاوزات کے خلاف مہم پر سیاسی دباؤ کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تجاوزات کے پیچھے اکثر سیاسی یا بااثر تاجر تنظیموں سے وابستہ شخصیات کا ہاتھ ہوتا ہے، جس سے کارروائی مشکل ہو جاتی ہے۔ حکومت محدود مسائل کی وجہ سے متبادل جگہ کی فراہمی یا روزگار کی فراہمی کا کوئی نظام نہ ہونے کی وجہ سے سماجی مسائل کو حل نہیں کر سکتی۔ اکثر آپریشن بغیر کسی جامع منصوبہ بندی کے شروع کیے جاتے ہیں، جس سے تنازعات اور احتجاج جنم لیتے ہیں۔ آپریشن عمومی طور پر عارضی تجاوزات کے خلاف ہی ہوتا ہے جبکہ پختہ تعمیرات ہٹانے تک آپریشن میں بہت ست مسائل اور چیلنجز کا سامنا ہے۔ غریب طبقے پر آپریشن کے اثرات بہت زیادہ ہوتے ہیں۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن کے دوران اکثر کم آمدنی والے طبقے بے گھر یا بے روزگار ہو جاتے ہیں۔ تجاوزات کے خلاف کارروائی کے دوران اکثر وہ لوگ متاثر ہوتے ہیں جو چھوٹے



پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں۔ یہ ریڑھی بان، چھوٹے دکاندار، اور مزدور پیشہ افراد اپنی روزی روٹی کے لیے انہی غیر قانونی جگہوں پر انحصار کرتے ہیں۔ جب ان کے کاروبار ختم کر دیے جاتے ہیں تو ان کے لیے روزگار کے متبادل مواقع تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ تجاوزات کے خلاف مہم پر سیاسی دباؤ کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔ تجاوزات کے پیچھے اکثر سیاسی یا بااثر تاجر تنظیموں سے وابستہ شخصیات کا ہاتھ ہوتا ہے، جس سے کارروائی مشکل ہو جاتی ہے۔ حکومت محدود مسائل کی وجہ سے متبادل جگہ کی فراہمی یا روزگار کی فراہمی کا کوئی نظام نہ ہونے کی وجہ سے سماجی مسائل کو حل نہیں کر سکتی۔ اکثر آپریشن بغیر کسی جامع منصوبہ بندی کے شروع کیے جاتے ہیں، جس سے تنازعات اور احتجاج جنم لیتے ہیں۔ آپریشن عمومی طور پر عارضی تجاوزات کے خلاف ہی ہوتا ہے جبکہ پختہ تعمیرات ہٹانے تک معاملہ نہیں پہنچتا۔ بازاروں میں دکانوں کے شیڈ 5 فٹ تک آگے سیوریج لائن تک پختہ تعمیرات کے ذریعے قائم ہیں، پارکنگ کی جگہ پر دکانیں قائم ہیں ان کے خلاف کارروائی حکومت کے بس کی بات نہیں۔ کاوئنٹرز اور ریڑھیاں اٹھا کر بازاروں کو کھلا کرنے تک آپریشن محدود رہتا ہے جس سے مزید مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ پلازے، بنک، نجی ہسپتال، مساجد، سکول پارکنگ کے لیے سڑک کو ہی استعمال کرتے ہیں۔ آپریشن بلا امتیاز نہیں ہوتا، اس وجہ سے مطالبہ نتائج حاصل نہیں ہو پاتے۔ معاشرہ میں عدم تحفظ اور بے چینی پھلتی ہے۔ حکومت اگر پہلے پختہ تجاوزات اور بڑے دکانداروں کے خلاف کارروائی کرے تو غریب اور کمزور آپریشن سے قبل ہی حدود میں رہیں گے لیکن ایسا ہوتا نظر نہیں آتا۔ آپریشن سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس لیے حکومت کو چاہیے جامع منصوبہ بندی کے تحت تجاوزات کے خاتمے سے پہلے عوامی رائے اور ماہرین کی مشاورت سے منصوبہ بنایا جائے۔ متاثرین کے لیے متبادل انتظامات، بے گھر افراد یا متاثرہ کاروباری افراد کے لیے متبادل رہائش اور روزگار فراہم کیا جائے۔ قانون کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے تجاوزات کے خلاف کارروائی کو مکمل شفافیت اور قانون کے دائرے میں رکھا جائے۔ اس سلسلہ میں آگاہی مہم بھی ضروری ہے تاکہ عوام کو تجاوزات کے نقصانات اور قانونی تعمیرات کی اہمیت سے آگاہ کیا جائے۔ انتظامیہ متحرک ہوتی ہے اسکے بعد پھر طویل چشم پوشی اس فعل کے منفی اثرات پیدا ہوتے ہیں۔ دکاندار آپریشن کے دوران حدود میں رہتے ہیں لیکن اسے بعد پھر صورتحال ابتر ہو جاتی ہے۔ تاجر نمائندہ تنظیموں کا کردار بھی قابل رشک نہیں، مک مکا اور درمیانی راستہ نکالنے یا مصلحت کے نتیجہ میں مسائل کم ہونے کی بجائے بڑھتے ہی گئے اور آج صورتحال انتظامیہ کے لیے چیلنج سے کم نہیں۔ وزیر اعلی پنجاب کی تشہیری مہم اور روزانہ کی بنیاد پر کاروائی کو میڈیا کی زینت بنانے کے چکر میں کاروائیاں ڈالی جاتی ہیں، یہ کاروائیاں بہتری کو مدنظر رکھ کر نہیں حسن کارکردگی اور تعریفی سرٹیفکٹس کے حصول کے لیے کی جاتی ہیں۔ بہتر میڈیا مینجمنٹ سے ماحول بنایا جاتا ہے۔ نتائج اور مقاصد پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ حکومت کو تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ بے روزگار ہونے والے افراد کے لیے متبادل انتظامات کرنا ہوں گے۔ اگر ان لوگوں کو متبادل جگہیں یا روزگار کے مواقع فراہم نہ کیے گئے تو اس سے معاشرتی مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ بے روزگاری غربت، جرائم، اور سماجی بے چینی کو بڑھا سکتی ہے، جو معاشرتی ترقی کے لیے رکاوٹ بن سکتی ہے۔ پنجاب میں تجاوزات کے خلاف کارروائی ایک مثبت قدم ہے، لیکن یہ اس وقت تک مکمل طور پر کامیاب نہیں ہو سکتی جب تک کہ بے روزگاری کے مسئلے کو بھی ساتھ ساتھ حل نہ کیا جائے۔ حکومت کو ایک جامع حکمت عملی تیار کرنی ہوگی جو تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ متاثرہ افراد کی بحالی کو بھی یقینی بنائے۔ ایسا کرنے سے نہ صرف شہری ڈھانچہ بہتر ہوگا بلکہ معاشرتی مسائل میں بھی کمی آئے گی۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن ایک ضروری اقدام ہے، لیکن اسے انسانی ہمدردی، انصاف، اور بہتر منصوبہ بندی کے ساتھ کیا جانا چاہیے تاکہ شہریوں کے مسائل کو حل کیا جا سکے اور سماجی انصاف کو یقینی بنایا جا سکے۔

شہر بچائیں یا لوگ

انسانی سمگلنگ کیخلاف حکومتی اقدامات

انسانی سمگلنگ نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا کو درپیش مسائل میں اہم ترین، سنگین اور پیچیدہ مسئلہ ہے، بے رحم انسانی سمگلرز اپنے مفادات کے حصول کیلئے سادہ لوح انسانوں کے ساتھ بھیڑ بکریوں اور کیڑوں مکوڑوں سے بھی بدتر سلوک کرتے ہیں، انسانی سمگلنگ عالمی جرم ہے جو دنیا بھر میں مختلف صورتوں میں وقوع پذیر ہوتا ہے، اس سے متاثر ہونے والے افراد شدید ذہنی، جسمانی اور نفسیاتی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں، انسانی سمگلنگ کا مقصد اکثر جسمانی مشقت، جنسی استحصال، غلامی، جبری مشقت اور تجارت کے لیے ہوتا ہے جبکہ کئی بار انسانی اعضاء کی خرید وفروخت جیسے سنگین جرائم کی خبریں بھی سامنے آچکی ہیں بہتر مستقبل کے خواب سجائے اپنا گھر اور ملک چھوڑنے والے افراد کو جبری جسمانی تعلقات کے لیے مجبور کیا جاتا ہے، کھیتوں میں کام، گھریلو ملازمت، اور تعمیراتی منصوبوں میں مشقت اور بھیک مانگنے کے لیے مجبور کیا جاتا ہے۔ تعلیم اور شعور کی کمی، ناتجربہ کاری، شدید مالی مشکلات، روزگار کی کمی، جلدی ترقی کی کوشش یعنی شارٹ کٹ اور اکثر اردگرد کے ماحول کی نمود ونمائش سے متاثر ہو کر بیرون ملک جانے کی خواہش کے سبب لوگ انسانی سمگلرز کے جھانسے میں آجاتے ہیں۔ حکومتوں کو انسانی سمگلنگ کے خلاف سخت قوانین بنانے چاہیے جو درندہ صفت انسانی سمگلرز کو سزا دینے کے ساتھ ساتھ متاثرین کو انصاف فراہم کریں، عوامی سطح پر کو انسانی سمگلنگ کے خطرات سے آگاہی ضروری ہے، تعلیمی اداروں، میڈیا، غیر سرکاری تنظیموں اور مذہبی قیادت کو آگاہی مہم چلانی



چاہیے تاکہ لوگ انسانی سمگلنگ جیسے سنگین جرم کے بارے میں آگاہ ہوں اور اس کے شکار نہ بنیں۔ انسانی سمگلنگ ایک عالمی مسئلہ ہے اس لیے ممالک کا ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا ضروری ہے، انٹرپول، یورپی یونین اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے درمیان مضبوط رابطے اور معلومات کے تبادلے کا تیز ترین نظام قائم کیا جانا چاہیے تاکہ سمگلرز کے نیٹ ورک کو ختم کیا جا سکے۔ سکیورٹی اداروں اور عدلیہ کو انسانی سمگلنگ کے بارے میں خصوصی



ویسٹ انڈیز کیخلاف دوسرا ٹیسٹ، ملتان میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کا ٹریننگ سیشن

ملتان (این این آئی) پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہونے والی ٹیسٹ سیریز کے دوسرے میچ سے قبل پاکستانی کرکٹ ٹیم نے ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا۔ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم نے بدھ کی صبح ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا جبکہ ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم نے آرام کیا۔واضح رہے کہ پہلے ٹیسٹ میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 127 رنز سے شکست دیکر دومیچوں کی سیریز میں ایک صفر کی سبقت حاصل کرلی ہے۔ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو پہلے ٹیسٹ میں 127 رنز سے شکست دے دی تھی۔251 رنز کے جواب میں ویسٹ انڈیز ٹیم کی پوری ٹیم 123 رنز ڈھیر ہوگئی تھی، پاکستانی اسپنر ساجد خان نے شاندار بولنگ کراتے ہوئے میچ میں 9 وکٹیں حاصل کی تھیں۔اس کے علاوہ ابرار احمد نے 4، نعمان علی نے ایک وکٹ حاصل کی، ویسٹ انڈیز کے ایلک اتھانز 55 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔

دوسری نیشنل سٹوڈنٹس گیمز کیلئے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن جاری

یہ یکم فروری سے 5 فروری تک پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں کھیلی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹوڈنٹس اولمپک ایسوسی ایشن کے ڈائریکٹر جنرل (ہیڈمنٹن) مطاہر سہیل نے کہا ہے کہ دوسری نیشنل سٹوڈنٹس گیمز کے لئے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن جاری ہے۔یہ یکم فروری سے 5 فروری تک پاکستان سپورٹس کمپلیکس، اسلام آباد میں کھیلی جائے گی جس کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔گیمز میں 16 کھیلوں کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں اتھلیٹکس، آرچری، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، کیچ بال، سائیکلنگ، چیس (شطرنج)، فٹ سال، فٹ بال، جمناسٹک، روپ سکپنگ، سکیٹنگ، ٹیبل ٹینس، تھرو بال، رسہ کشی اور والی بال کے کھیل شامل ہیں۔گیمز میں ملک بھر سے تعلیمی اداروں یونیورسٹیز، کالجز اور سکولز کے طلباء وطالبات کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔بیڈمنٹن کی رجسٹریشن کے لئے 03215354002 پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے۔

پاکستان کا ٹاپ آرڈر بلے باز جو کبھی بھی رن آؤٹ نہ ہوا

وہ عظیم بلے باز 80 کی دہائی میں پاکستان ٹیم کے اوپنر اور قومی ٹیم کوئی میچز جتوانے والے بیٹر مدثر نذر ہیں

کراچی (این این آئی) کرکٹ میں کھلاڑی رن آؤٹ بھی ہوتے ہیں لیکن پاکستان میں ایک ایسا ٹاپ آرڈر کھلاڑی بھی رہا ہے جو کبھی رن آؤٹ نہیں ہوا۔وہ عظیم بلے باز 80 کی دہائی میں پاکستان ٹیم کی اوپننگ کرنے والے اور قومی ٹیم کو اپنی بیٹنگ سے کئی میچز جتوانے والے بیٹر مدثر نذر بھی ہیں۔جن کا اعزاز منفرد بیٹ کیری بھی ہے۔منفرد اس لیے کہ ان کے والد نذر محمد اور پھر بیٹے مدثر نذر نے ٹیسٹ میچز میں بیٹ کیری کیا جو کرکٹ میں کسی اور باپ بیٹے کی جوڑی نہ کرسکی۔کرکٹ ایک ایسا کھیل ہے جس میں ایک بلے باز 10 طریقوں سے آؤٹ ہوسکتا ہے۔ان میں سے ایک طریقہ رن آؤٹ کا ہے۔خاص بات یہ ہے کہ اس انداز میں آؤٹ ہونے والے بلے باز کی وکٹ نہ تو گیند باز کو ملتی ہے اور نہ ہی وکٹ کیپر کو۔کوئی بھی بلے باز اس وقت رن آؤٹ ہوجاتا ہے۔

الیگزینڈر زویروف اور نووک جوکووچ آسٹریلین اوپن ٹینس میز سنگلز سیمی فائنل میں پہنچ گئے

میلبورن (این این آئی) جرمنی کے ٹینس سٹار، عالمی نمبر ٹو اور میگا ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف اور سربین ٹینس سٹار اور 24 گرینڈ سلام کے فاتح نووک جوکووچ آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں مردوں کے سنگلز مقابلوں میں اپنی پیش قدمی کو جاری رکھتے ہوئے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔جرمنی کے ٹینس سٹار، عالمی نمبر ٹو اور میگا ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں امریکی حریف کھلاڑی ٹومی پال کو شکست دی جبکہ سربین ٹینس سٹار نووک جوکووچ نے میگا ایونٹ کے کوارٹر فائنل میچ میں ہسپانوی ٹینس سٹار اور ایونٹ کے تھرڈ سیڈ کارلوس الکاراز کو مات دی۔آسٹریلیا کے شہر میلبورن نے میں جاری 113 ویں میگا ایونٹ میں بدھ کو کھیلے گئے میچز سنگلز مقابلوں کے کوارٹر فائنل میچ میں جرمنی کے ٹینس سٹار، عالمی نمبر ٹو اور میگا ایونٹ کے سیکنڈ سیڈ الیگزینڈر زویروف نے سخت مقابلے کے بعد امریکی حریف کھلاڑی ٹومی پال کو 6-7(1-7)، 6-7(0-7)، 6-2 اور 6-1 سے نہ صرف شکست دی بلکہ ٹورنامنٹ کے میچز سنگلز سیمی فائنل راؤنڈ تک رسائی حاصل کرلی۔ایک اور میچ میں سربیا کے شہرہ آفاق ٹینس سٹار اور 24 گرینڈ سلام کے فاتح نووک جوکووچ نے عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے


میلبورن میں آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے دسویں دن مردوں کے سنگلز کوارٹر فائنل میچ کے دوران سربیا کے نوواک جوکووچ سپین کے کارلوس الکاراز کے خلاف کھیلتے ہوئے گر گئے (اے ایف پی)

رچرڈز اور بریڈ مین گیم سے بڑے نہیں تھے تو کوہلی اور روہت کیا چیز ہیں، یوگراج سنگھ

کوہلی اور روہت شرما جیسے کرکٹر ڈومیسٹک کرکٹ کھیلیں گے تو یہ نوجوان کرکٹرز کیلئے بھی فائدہ مند ثابت ہوگا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر یوگراج سنگھ کا ماننا ہے کہ کرکٹ سے بڑا کوئی نہیں، ویور چرڈز یا ڈان بریڈمین جیسے عظیم کرکٹر بھی گیم سے بڑے نہیں تھے۔رچرڈز اور بریڈمین جیسے کرکٹر گیم سے بڑے نہیں تھے تو کوہلی اور روہت کیسے ہوسکتے ہیں۔سابق سپر اسٹار کرکٹر یوراج سنگھ کے والد اور سابق بھارتی کرکٹر یوگراج سنگھ نے کہا ہے کہ اگر ویرات کوہلی اور روہت شرما جیسے کرکٹر ڈومیسٹک کرکٹ کھیلیں گے تو یہ نوجوان کرکٹرز کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہوگا جو ان کے ساتھ کھیلیں گے۔آپ کبھی بھی گیم سے بڑے نہیں ہوسکتے، نہ ہی سر ویوین رچرڈز نہ ہی سر ڈان بریڈمین وہ کبھی بھی کرکٹ سے بڑے نہیں رہے اور نہ ہی کوئی پلیئر کرکٹ سے بڑا بن سکتا ہے۔تو آپ کو یہ کرنا چاہے کہ جب آپ ٹور سے واپس آئیں تو آپ کو ڈومیسٹک کرکٹ لازمی کھیلنی چاہیے، جب ٹیسٹ پلیئرز ڈومیسٹک کرکٹ کھیلیں گے تو ان کے ساتھ کھیلنے والے نوجوان پلیئرز کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔بھارت کے دونوں اسٹار کرکٹرز اس وقت فارم کے ساتھ جدوجہد کررہے ہیں جبکہ آسٹریلیا کا دورہ ان کے لیے کافی مشکل ثابت ہوا، جہاں بھارت کو 1-3 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔کئی سابق کرکٹرز نے انھیں رانجی ٹرافی کے میچ کھیلنے کا مشورہ دیا ہے۔

آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ آج کھیلا جائیگا

میزبان آسٹریلوی ویمن ٹیم کو انگلینڈ کی خواتین ٹیم کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہے

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان تین میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میچ آج (جمعرات کو) مانوکا اوول، کینبرا میں کھیلا جائیگا۔یہ میچ نائٹ ہوگا اور فلڈ لائٹس میں کھیلا جائے گا۔میزبان آسٹریلوی ویمن ٹیم کو انگلینڈ کی خواتین ٹیم کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل ہے۔آسٹریلیا کی ٹیم نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں انگلینڈ کی ویمن ٹیم کو 57 رنز سے شکست دی تھی۔اس سے قبل آسٹریلیا کی خواتین ٹیم نے تین ون ڈے میچوں کی سیریز میں انگلینڈ کی ویمن ٹیم کو 3-0 سے وائٹ واش کیا تھا۔آسٹریلوی ویمن ٹیم کو ایلسا ہیلی لیڈ کررہی ہیں جبکہ انگلینڈ کی ٹیم ہیتھر نائٹ کی قیادت میں میدان میں اترے گی۔دونوں ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ جمعرات کو کینبرا میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹوئنٹی میچ 25 جنوری کو ایڈیلیڈ میں کھیلا جائے گا۔ایشز سیریز میں شامل واحد ٹیسٹ میچ 30 جنوری سے 2 فروری تک ایم سی جی میلبورن میں کھیلا جائے گا۔

بابر اعظم اور شاہد آفریدی میں زیادہ مقبول کون؟ سابق کپتان نے بتادیا



اظہر علی نے اسٹار بلے باز بابر اعظم کو لیجنڈ آل راؤنڈر شاہد آفریدی کے بعد سب سے مقبول قومی کرکٹر قرار دے دیا

کراچی (این این آئی) سابق قومی کرکٹر اظہر علی کا کہنا ہے کہ بابر اعظم، شاہد آفریدی کی طرح مقبول کھلاڑی ہیں۔پاکستان کے سابق کپتان اظہر علی نے اسٹار بلے باز بابر اعظم کو لیجنڈ آل راؤنڈر شاہد آفریدی کے بعد سب سے مقبول قومی کرکٹر قرار دے دیا۔حالیہ انٹرویو میں اظہر علی نے کہا کہ انہوں نے کئی بار بابر کی کپتانی پر تنقید کی لیکن کبھی بھی ان کی بیٹنگ کی مہارت پر سوال نہیں اٹھایا۔انہوں نے کہا کہ اب بھی کہتا ہوں کہ بابر نے اتنے عرصے تک کپتانی کی انہیں اس عرصے میں ایک اور ٹیم بنانا چاہیے تھی لیکن جب بیٹنگ کی بات آتی ہے تو میں کہتا ہوں بابر بیٹنگ میں مہارت رکھتے ہیں۔سابق کپتان نے کہا کہ آپ کسی ٹورنامنٹ میں اچھا نہیں کھیلتے لیکن بابر واحد کھلاڑی ہیں جنہوں نے اپنی بیٹنگ سے ملک کا نام روشن کیا ہے۔اظہر علی نے دعویٰ کیا کہ بابر پاکستان کا واحد کھلاڑی ہے جو ہجوم کو جنون میں مبتلا کرتا ہے اور سابق آل راؤنڈر شاہد آفریدی کے ساتھ مماثلت رکھتا ہے جو اپنی ہارڈ ہٹنگ کی صلاحیتوں کے لیے مشہور ہیں۔انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں بابر نے جس طرح دنیا اور بھارت میں اپنا نام بنایا ہے میرا مطلب ہے کہ ایک عام روایتی بلے باز کو ہجوم سے داد مل رہی ہے میں نے شاہد بھائی کے بعد پہلا شخص دیکھا ہے۔اظہر علی نے اسٹار بلے باز بابر اعظم کو لیجنڈ آل راؤنڈر شاہد آفریدی کے بعد سب سے مقبول قومی کرکٹر قرار دے دیا۔



کراچی: صوبائی وزیر کھیل سردار محمد بخش مہر قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں میڈلز جیتنے والے سندھ کے کھلاڑیوں کو انعامی رقم دے رہے ہیں

کراچی: قائداعظم بین الصوبائی گیمز میں میڈلز جیتنے والے سندھ کے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو





SHOWBIZ

1,660 افغان مہاجرین کیلئے امریکی پروازیں منسوخ

ٹرمپ نے پناہ گزینوں کی معطلی کے حکم نامے پر دستخط، ایپ بھی بند کردی، عہدیدار

واشنگٹن (این این آئی) ایک امریکی عہدیدار اور پناہ گزینوں کی آبادکاری کے ایک سرکردہ وکیل نے بتایا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امریکی پناہ گزینوں کے پروگرام کو معطل کرنے کے حکم کے تحت تقریباً 1,660 افغان باشندے اپنی پروازیں منسوخ کررہے ہیں۔یہ امریکی حکومت کی طرف سے امریکہ میں دوبارہ آباد ہونے کے لیے کلیئر کیے گئے افراد ہیں جن میں سرگرم امریکی فوجی اہلکاروں کے اہلِ خانہ بھی شامل ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق امریکی فوجیوں اور وکالت کرنے والے گروپوں کے اتحاد کے سربراہ شان وان ڈائیور نے کہا کہ اس گروپ میں امریکہ میں اپنے خاندانوں سے دوبارہ ملنے کے منتظر نابالغ بچے اور طالبان کے انتقام کے خطرے سے دوچار افغان بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ امریکی فیصلے سے ہزاروں دوسرے افغان باشندے بھی غیر یقینی صورت حال کا شکار ہیں جنہیں امریکہ میں پناہ گزین کے طور پر دوبارہ آباد کرنے کی منظوری دی گئی لیکن انہیں ابھی تک افغانستان یا ہمسایہ ملک پاکستان سے پروازیں تفویض نہیں کی گئی ہیں۔ٹرمپ نے اپنی 2024 کی فاتحانہ انتخابی مہم میں تارکینِ وطن پر کریک ڈان کا ایک بڑا وعدہ کیا تھا جس سے امریکی پناہ گزینوں کے پروگراموں کی قسمت غیر یقینی کا شکار ہوگئی۔وائٹ ہاؤس اور امریکی پناہ گزینوں کے پروگراموں کی نگرانی کرنے والے محکم خارجہ نے فوری طور پر تبصرے کی درخواستوں کا جواب نہیں دیا۔

ایران کو ٹرمپ کے ساتھ جوہری سمجھوتہ کرنے کی ضرورت ھے، آئی اے ای اے

اس وقت ایران کا تقریباً بم کے درجے کا افزودہ یورینیم کا ذخیرہ نئی بلندیوں پر جارہا ھے، رافیل ماریانو گروسی

ڈیووس (این این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے کہا ہے کہ ایران کو ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کے ساتھ اپنی جوہری سرگرمیوں پر سمجھوتہ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ شرقِ اوسط میں ایک اور فوجی تنازعے میں گھسیٹے جانے سے بچ سکے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے ساڑھے چھ سال قبل ایک جوہری معاہدہ منسوخ کر دیا تھا جس کے تحت اسلامی جمہوریہ کو اس کی جوہری سرگرمیوں پر سخت پابندیوں کے بدلے میں امریکی پابندیوں میں ریلیف دیا گیا تھا۔اس وقت ایران کا تقریباً بم کے درجے کا افزودہ یورینیم کا ذخیرہ نئی بلندیوں پر جارہا ہے۔بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل رافیل ماریانو گروسی نے ڈیووس میں کہا کہ صدر ٹرمپ کے فیصلہ کرنے سے پہلے ایک معاہدہ موجود تھا جس پر وہ عمل نہیں کرنا چاہتے تھے۔اب ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم بلاشبہ جنگ کے علاوہ اس معاملے سے کیسے نمٹتے ہیں۔ہم مزید جنگیں نہیں چاہتے۔آئی اے ای اے کے سربراہ نے تصدیق کی کہ ایران انتہائی افزودہ یورینیم کی بڑی مقدار کی پیداوار جاری رکھے ہوئے ہے۔گروسی نے کہا کہ ہم روس، چین اور یورپی ممالک کے ساتھ مشغول ہیں لیکن یہ سب کے لیے واضح ہے کہ امریکہ ناگزیر ہے۔ہمیں جس چیز کی ضرورت ہے وہ ایک مفاہمت تلاش کرنے کی ہے۔اگلے چند ہفتوں کے لیے یہ ہمارا مشن ہے۔ایران انتہائی افزودہ یورینیم کی بڑی مقدار کی پیداوار جاری رکھے ہوئے ہے

نیتن یاہو نے جنگ دوبارہ شروع کرنے کا وعدہ کیا ہے، اسرائیلی وزیر خزانہ

تمام اہداف حاصل ہونے سے ایک لمحہ پہلے تک جنگ نہیں روکی جائے گی، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر خزانہ بتسلیل سموٹرچ نے دھمکی دی ہے کہ اگر فائر بندی معاہدے کے پہلے مرحلے (چھ ہفتے) کے بعد وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے غزہ میں دوبارہ جنگ شروع نہ کی تو وہ حکومتی اتحاد ختم کر دیں گے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انتہائی دائیں بازو سے تعلق رکھنے والے سموٹرچ کی یہ دھمکی فائر بندی معاہدے کے نافذ العمل ہونے کے ایک روز بعد سامنے آئی۔سموٹرچ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اگر جنگ دوبارہ شروع نہ ہوئی تو میں حکومت گرادوں گا۔سموٹرچ نے بتایا کہ انہیں یقین دہانیاں کرائی گئیں کہ پہلے مرحلے کے بعد اسرائیل دوبارہ جنگ شروع کردے گا۔اس وقت تک غزہ میں یرغمال قیدیوں میں سے 33 واپس آچکے ہوں گے اور سیکڑوں فلسطینی قیدیوں کو رہائی مل چکی ہوگی۔سموٹرچ نے کا کہنا تھا کہ میں نے اصرار اور مطالبہ کیا تو وزیر اعظم، وزیر دفاع اور کابینہ میں میرے دیگر ساتھیوں کی جانب سے واضح طور پر وعدہ کیا گیا کہ جنگ کے تمام اہداف حاصل ہونے سے ایک لمحہ پہلے تک جنگ نہیں روکی جائے گی۔

اسرائیل وحماس کے معاہدے پر اعتماد ہے، قطر

قاہرہ (این این آئی) قطر کی طرف سے اس اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے کہ اسرائیل وحماس کے درمیان ہونے والا حالیہ معاہدہ اسرائیل اور حماس کے درمیان موجود تمام بڑے ایشوز کا احاطہ کرتا ہے۔اس لیے ہمیں پورا اعتماد ہے کہ یہ مکمل جنگ بندی کے لیے ثالثی کی کوششوں میں مددگار ثابت ہوگا۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان خیالات کا اظہار قطری وزارت خارجہ کے ترجمان ماجد الانصاری نے پریس کانفرنس میں کیا۔انہوں نے کہا کہ جب بات معاہدے کی زبان کی ہو تو ہم اس معاہدے پر پراعتماد ہیں۔جب یہ حقیقت آتی ہے کہ ہم نے میز پر موجود تمام معاملات کو ختم کر دیا ہے۔قطر کو دونوں فریقوں پر یقین ہے کہ وہ معاہدے پر عملدرآمد کریں گے۔ترجمان نے یہ بھی کہا کہ دونوں طرف سے کوئی بھی خلاف ورزی یا سیاسی فیصلہ واضح طور پر معاہدے کو ختم کرسکتا ہے۔ماجد الانصاری نے کہا کہ قطر کو یقین دلایا گیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ اس معاہدے کی بہت حمایت کر رہی ہے۔ہمیں یقین ہے کہ انتظامیہ کی طرف سے ہمیں جو بھی کمیونیکیشن ہو رہی ہے، وہ اس معاہدے پر یقین رکھتے ہیں۔چیزیں مثبت انداز میں جارہی ہیں۔ہمیں یقین ہے کہ قیدیوں کا اگلا تبادلہ بغیر کسی رکاوٹ کے ہوگا۔



کلکتہ میں سول اور فوجداری عدالت کے دروازے پر پولیس اہلکار موجود ہیں، جہاں گذشتہ برس ایک انڈین ڈاکٹر کے ریپ اور قتل کے مرکزی ملزم کو عدالت میں پیش کیا گیا تھا (دیبا نگشو سرکار/اے ایف پی)

آزادی اظہار پر ٹرمپ کا صدارتی حکم نامہ تنقید کی زد میں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک حکم نامے پر دستخط کیے جس کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس کا مقصد آزادی اظہار کو بحال اور سنسر شپ کو ختم کرنا ہے۔اس پر ناقدین ان کے ماضی کے اقدامات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تنقید کررہے ہیں جب وہ صحافیوں، ناقدین اور سیاسی مخالفین کو دھمکاتے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے تھے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ اور ان کے ریپبلکن اتحادیوں نے سابق ڈیموکریٹک صدر جو بائیڈن کی انتظامیہ پر آن لائن پلیٹ فارمز پر آزادی اظہار کو دبانے کی حوصلہ افزائی کا الزام لگایا ہے۔البتہ سابقہ انتظامیہ کے خلاف کئی الزامات کا تعلق ویکسین اور انتخابات کے بارے میں جھوٹے دعووں کے خلاف حکومتی کوششوں سے ہے۔امریکی سپریم کورٹ نے جون میں فیصلہ دیا تھا کہ بائیڈن انتظامیہ کے سوشل میڈیا کمپنیوں کے ساتھ روابط سے آزادی اظہار کے بارے میں امریکہ کی پہلی ترمیم کی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ٹرمپ کو خود سوشل میڈیا کی پابندیوں کا سامنا کرنا پڑا جب 2020 کے انتخابات میں بائیڈن سے شکست کے بعد پچھے جنوری 2021 کو ان کے حامیوں نے امریکی کیپیٹل پر حملہ کیا تھا۔تاہم ٹرمپ نے کئی عشروں تک ناقدین کو اپنے بارے میں تبصروں پر دھمکیاں دیں اور مقدمات دائر کیے ہیں۔ 2022 میں انہوں نے اپنی سابق صدارتی حریف ہلیری کلنٹن کے خلاف ایک ناکام مقدمہ دائر کیا تھا۔انہوں نے ٹرمپ کی مہم کے روس سے روابط کے بارے میں تبصرے کیے تھے۔

یہودی آبادکاروں سے پابندیاں ہٹانے سے اشتعال انگیزی بڑھے گی، فلسطین

غزہ (این این آئی) فلسطینی اتھارٹی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے یہودی آبادکاروں سے پابندیاں اٹھانے پر اپنے ردعمل میں کہا ہے 'اس کے نتیجے میں فلسطینیوں کے خلاف اشتعال انگیزی بڑھے گی۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اقتدار سنبھالنے کے پہلے ہی روز مقبوضہ مغربی کنارے کے پرتشدد یہودی آبادکاروں پر عائد کی گئی ان امریکی پابندیوں کو ختم کرنے کا حکم نامہ جاری کیا ہے جنہیں جو بائیڈن انتظامیہ نے بار بار کے پرتشدد حملے کرنے کی وجہ سے یہودی آبادکاروں اور ان کے بعض گروپوں پر عائد کی تھیں۔ان پابندیوں کے نتیجے میں امریکہ میں ان کے اثاثے منجمد کرنے اور امریکی شہریوں کو ان کے ساتھ کاروبای لین دین سے روک دیا گیا تھا۔

تین مصری کمپنیوں نے سعودی عرب میں دوا ساز فیکٹریاں لگانا شروع کر دیں

قاہرہ (این این آئی) مصری بزنس مین ایسوسی ایشن میں انجینئرنگ کنسلٹیشن کمیٹی کے چیئرمین اور پریسجن انجینئرنگ کنسلٹیشنز (پی سی ای) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین ولید السویدی نے انکشاف کیا ہے کہ دواسازی کی صنعت میں مہارت رکھنے والی تین مصری کمپنیاں اس سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران سعودی عرب میں اپنی فیکٹریاں شروع کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہیں۔ولید السویدی نے عرب ٹی وی کو بتایا کہ وہ ان کمپنیوں کے لیے انجینئرنگ کنسلٹنٹ کا کردار سنبھالیں گے اور وہ 10 سے 15 ہزار مربع میٹر کے رقبے کے ساتھ ضروری زمینوں کی خریداری کا عمل پہلے ہی مکمل کر چکے ہیں۔ان کا مقصد خصوصی فیکٹریاں قائم کرنا اور کینسر اور کچھ دائمی بیماریوں کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی ادویات تیار کرنا ہے۔

یوکرین مسئلہ، امریکی صدر کی چینی صدر سے مدد کی اپیل

روسی صدر کو یوکرین کے مسئلے پر مذاکرات کی میز پر آنا چاہیے، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ چین کے صدر شی سے یوکرین کا مسئلہ حل کرنے میں مدد کرنے کو کہا ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق واشنگٹن میں صحافیوں سے گفتگو میں ٹرمپ نے کہا کہ روسی صدر کو یوکرین کے مسئلے پر مذاکرات کی میز پر آنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ پیوٹن مذاکرات کی میز پر نہ آئے تو ممکن ہے روس پر پابندیاں عائد کروں، یورپی یونین کو یوکرین پر زیادہ اخراجات کرنے چاہئیں۔صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ چین پر یکم فروری سے 10 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ٹرمپ نے 500 ارب ڈالر کے اسٹارگیٹ اے آئی پروجیکٹ کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ اوپن اے آئی، سافٹ بینک، اوریکل اے آئی میں 500 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گی، اس سے ایک لاکھ ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

یو اے ای کے سرکاری، مالیاتی و تعلیمی شعبوں سمیت مختلف اداروں پر یومیہ دو لاکھ سائبر حملے

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کو ہر روز 2 لاکھ سائبر حملوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ان سائبر حملوں کا نشانہ سٹریٹیجک سیکٹر ہے۔اس تشویشناک صورتحال کا اظہار متحدہ عرب امارات کی سائبر سیکیورٹی کونسل کی طرف سے کیا گیا ہے۔متحدہ عرب امارات کے خبر رساں ادارے نے رپورٹ کیا ہے کہ یہ سائبر حملے 14 مختلف ملکوں سے کیے جارہے ہیں۔تاہم متعلقہ اداروں نے ان حملہ آوروں کے علاقوں کی کامیابی سے نشاندہی کرلی ہے اور ان کا توڑ بھی کرلیا گیا ہے۔بتایا گیا ہے کہ ان سائبر حملوں کا سب سے زیادہ نشانہ متحدہ عرب امارات کے سرکاری شعبے ہیں۔جبکہ 30 فیصد سائبر حملے بینکوں اور مالیاتی اداروں پر کیے جارہے ہیں۔تعلیمی شعبے پر 7 فیصد حملے ہورہے ہیں۔ایوی ایشن، شعبہ صحت اور ٹیکنالوجی کے شعبوں کو مجموعی سائبر حملوں کے 4 فیصد کا سامنا ہے۔


انڈیا کے زیر انتظام جموں اور کشمیر کے گاؤں اہنت ناگ میں برف باری کے دوران لوگ چل رہے ہیں (تصویر: اے ایف پی)

یہودی آبادکاروں سے پابندیاں ہٹانے سے اشتعال انگیزی بڑھے گی، فلسطین


حکام کے مطابق 12 منزلہ گرینڈ کرتل ہوٹل کی ریستوران والی منزل پر تقریباً صبح 3:03 بجے آگ لگی (روئٹرز)

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ذیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چوہدری شافع حسین کا محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے ہیڈ آفس کا دورہ

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ادارے کے تنظیمی ڈھانچے، ورکنگ اور آئندہ کے لائحہ عمل بارے بریفنگ دی



لاہور (کامرس رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت واوقاف چوہدری شافع حسین نے محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ادارے کے تنظیمی ڈھانچے، ورکنگ اور آئندہ کے لائحہ عمل بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے ایوان اوقاف میں اوقاف بورڈ کے اجلاس کی صدارت بھی کی۔ بورڈ اجلاس میں 5 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا گیا۔ بورڈ نے اوقاف کے بجٹ تخمینہ جات 367۔4508 ملین روپے برائے سال 25-2024 کی منظوری دی۔ بورڈ نے محکمہ اوقاف کے ملازمین کی تنخواہوں میں 20/25 فیصد اور پنشن میں 15 فیصد اضافے کے نوٹیفکیشن کی توثیق کی۔ بورڈ نے حکومتی پالیسی کے مطابق ادارے میں غیر ضروری آسامیوں کے خاتمے کی منظوری دی، غیر ضروری آسامیوں کی تخفیف سے ادارے کو سالانہ 3 کروڑ 37 لاکھ روپے کی بچت ہوگی۔ بورڈ نے ادارے کے بعض انتظامی اور مالیاتی امور کی بھی منظوری دی۔ صوبائی وزیر اوقاف چوہدری شافع حسین نے کہا کہ یہ جان کر خوشی ہوئی کہ محکمہ اوقاف و مذہبی امور اپنے وسائل خود پیدا کرتا ہے۔ صوبائی وزیر نے بجٹ اہداف کے حصول پر سیکرٹری اوقاف کو مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر اوقاف نے ہدایت کی کہ اوقاف کے زیر اہتمام مزارات اور مساجد میں صفائی کے نظام کو بہتر کیا جائے، زائرین کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ چوہدری شافع حسین نے اوقاف کی ناقابل کاشت اراضی کو استعمال میں لانے کا پلان طلب کرتے ہوئے کہا کہ رینٹ پر دی گئی اوقاف لینڈ کا رینٹ بڑھانے کی بھی ضرورت ہے۔

اداروں کو مستحکم بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، چوہدری صہیب اقبال گجر

اداروں کو بااختیار بنانے کیلئے سیاسی مداخلت کا خاتمہ، میرٹ پر تعیناتی ضروری ہے، بیان



سمندری (تحصیل رپورٹر) اقتصادی ترقی کی رفتار بڑھانے کیلئے اہم اداروں کو مستحکم بنانا ضروری ہے، اداروں کو بااختیار بنانے کیلئے ان میں سیاسی مداخلت کا خاتمہ اور انتظامیہ کی میرٹ پر تعیناتی انتہائی ضروری ہے، اداروں کی خودمختاری اور میرٹ پر فیصلوں کے بغیر ملکی ترقی و غیر ملکی سرمایہ بڑھانا مشکل ہے۔ ان خیالات کا اظہار معروف سماجی شخصیت چوہدری صہیب اقبال گجر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں زیادہ وقت ایسا گزرا ہے جب اداروں میں گورننس کا فقدان رہا ہے فیصلے میرٹ پر نہیں کئے گئے اور سیاسی مداخلت عروج پر رہی جس سے بہت سے ادارے تو مفلوج ہو گئے جبکہ زیادہ تر کارکردگی مایوس کن حد تک گر گئی، جب اہم ادارے زوال پذیر ہونگے تو ترقی کی رفتاری کیسے ممکن ہو سکتی ہے، اداروں کی فعالیت اور قوانین کے معاملہ میں پاکستان اپنے پڑوسی ممالک سے بہت پیچھے ہے جس کا اثر سرمایہ کاروں، عوام اور معیشت پر پڑتا ہے لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ فوری طور پر اداروں کو مستحکم بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

لاہور چیمبر تجارتی وفود اور نمائشوں کا لازمی حصہ بنے: سیکریٹری ٹی ڈیپا

فریقی برائے عظم حکومت پاکستان کے ''لک افریقہ'' اقدام کے تحت اہم ترجیحات میں شامل ہے شہریار تاج



لاہور (خبر نگار) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو اپنے تجارتی وفود اور تمام قومی و بین الاقوامی نمائشوں کا حصہ بننے کی دعوت دی ہے۔ سیکریٹری ٹی ڈیپ شہریار تاج نے لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لاہور چیمبر ملک کا اہم ادارہ ہے اور اس کی فیڈ بیک کو اتھارٹی کی منصوبہ بندی میں شامل کیا جائے گا تاکہ کاروباری کمیونٹی کی ضروریات کے ساتھ ہم آہنگی یقینی بنائی جاسکے۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا جبکہ نائب صدر شاہد نذیر چودھری، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان عرفان احمد قریشی، ملک آصف، احسن شاہد، احمد امین ملک، آمنہ رندھاوا، فردوس نثار، رانا شبان اختر، سید سلمان علی، کرامت علی اعوان اور میاں عامر سعید نے بھی اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ شہریار تاج نے کہا کہ اس وقت دو پاکستانی تجارتی وفود بنگلہ دیش میں موجود ہیں اور ایک وفد جلد ملائیشیا کا دورہ کرے گا۔ ٹی ڈیپ 26 سے 28 فروری تک لاہور ایکسپو سینٹر میں فوڈ ایکسپو منعقد کرے گا جس کا مقصد زراعت میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا ہے۔

وزیر آباد و گردونواح میں مصنوعی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد و گردونواح میں مصنوعی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی، سرکاری ریٹ لسٹ جاری نہ ہونے کا بہانہ بنا کر اشیائے خوردونوش کی قیمتیں سخی گنا بڑھا دی گئی، پرائس کنٹرول مجسٹریٹ ناکام، عوام کیلئے روح سے جسم کا رشتہ برقرار رکھنا ناممکن ہوتا جا رہا!! عوامی سماجی حلقوں کا شدید احتجاج، وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کی اپیل۔ ضلع وزیر آباد بھر میں ڈھائی ماہ سے اشیائے خوردونوش کی سرکاری ریٹ لسٹ جاری نہ ہونے سے تاجروں کی جانب سے مصنوعی مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، گھی، آئیل، دالیں، چاول سمیت چاہے اور مصالحوں تک کی قیمتیں بھی گنا بڑھا دی گئی ہے جس سے غریب عوام پر اضافی بوجھ پڑ رہا ہے علاقہ بھر میں درجن کے قریب پرائس کنٹرول مجسٹریٹ بھی تاجروں کی جانب سے مصنوعی مہنگائی کنٹرول کرنے میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں یہ مجسٹریٹ اپنا ٹارگٹ پورا کرنے کیلئے مارکیٹ میں ریٹ چیک کرنے کی بجائے دو چار بڑے دوکانداروں کو آسان ٹارگٹ سمجھتے ہوئے معمولی جرمانے ڈال کر افسران بالا کو سب اچھا کی رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔ علاقہ کے عوامی سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری نئی ریٹ لسٹ جاری کرتے ہوئے تاجروں کو اس ریٹ لسٹ پر سو دا سلف بیچنے کا پابند بنایا جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

حکومت پنجاب شعبہ صحت میں انقلابی اقدامات کی خواہاں ہے: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب شعبہ صحت میں انقلابی اقدامات کی خواہاں ہے تاکہ عوام الناس کو معیاری طبی سہولیات بہم پہنچائی جاسکیں، اسی طرح میڈیکل سٹور مالکان قواعد وضوابط کے تحت معیاری ادویات کی فروخت کو یقینی بنائیں اور اس سلسلہ میں مکمل طور پر قانون کی پاسداری کریں، بغیر لائسنس میڈیکل سٹور چلانے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی اور ان کے کیسز ڈرگ کورٹ کو بھجوائے جائیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کہ جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر سید اللہ ایچ، تینوں تحصیلوں کے ڈرگ انسپکٹرز سمیت کمیٹی کے دیگر ممبران بھی موجود تھے

پاکستان ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری یہاں منعقد ہوئی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ہومیو پیتھک میڈیکل ایسوسی ایشن کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری یہاں منعقد ہوئی جس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد نے نو منتخب صدر ڈاکٹر محمد ایوب بھٹی، سینئر نائب صدر ڈاکٹر محمد شہباز، نائب صدر اول ڈاکٹر نوید اسلام محسن، نائب صدر دوم ڈاکٹر احسان الحق مخدوم، نائب صدر سوم ڈاکٹر میاں محمد نعیم، جنرل سیکریٹری ڈاکٹر نذر حسین کھوکھر، فنانس سیکریٹری ڈاکٹر افضل بیگ، جوائنٹ سیکریٹری ڈاکٹر مرزا طاہر ظہیر اور سیکریٹری اطلاعات ونشریات ڈاکٹر آصف علی سے حلف لیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سی ای او ہیلتھ اتھارٹیز ڈاکٹر ظہیر احمد کھوکھر نے کہا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں تھیلیسیمیا کے شکار بچوں کے علاج کے لیے ایک خصوصی مرکز جلد قائم کیا جا رہا ہے، جس کی نگرانی ڈاکٹر عابد بھٹی کریں گے۔ تقریب سے سابق سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ریحان اظہر، ڈاکٹر محمد اکرم شیخ، چیئرمین ڈاکٹر عبدالرؤف وٹو، نو منتخب صدر ڈاکٹر محمد ایوب بھٹی، سابق صدر ڈاکٹر محمد شہباز، اور جنرل سیکریٹری ڈاکٹر نذر حسین کھوکھر نے بھی خطاب کیا۔

فیصل بنک کا شمار پاکستان کے ان بنکوں میں ہوتا ہے: جنرل مینیجر آغا مہدی

اسلامک بینکنگ میں منتقل کیا، فیصل بنک اس وقت پاکستان میں دوسرا بڑا اسلامک بنک ہے



وزیر آباد (نامہ نگار) فیصل بنک کا شمار پاکستان کے ان بنکوں میں ہوتا ہے جس نے انتہائی قلیل عرصہ میں اپنے مکمل نیٹ ورک کو کنونشنل بینکنگ سے اسلامک بینکنگ میں منتقل کیا، فیصل بنک اس وقت پاکستان میں دوسرا بڑا اسلامک بنک ہے جہاں صارفین کو مکمل طور پر اسلامک پروڈکٹس کی فراہمی جاری ہے، ان خیالات کا اظہار جنرل مینیجر سنٹرل ون ریجن فیصل بنک آغا مہدی نے وزیر آباد میں الہ آباد کے مقام پر فیصل بنک کی دوسری برانچ کے افتتاح کے موقع پر کیا، انہوں نے کہا کہ فیصل بنک اس وقت 855 برانچز کے ساتھ پاکستان کے اندر اسلامی بینکنگ کی ترویج کرنے میں مصروف عمل ہے جبکہ کسٹمرز کو ایک ہی چھت تلے زرعی قرضہ جات، فارن ریمیٹنس، لاکرز، میوچل فنڈز، تکافل انشورنس، آن لائن ٹرانزیکشنز اور ٹریڈ ز سمیت تمام سہولیات کی فراہمی جاری رکھے ہوئے ہے، انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں پچھلے 150 سال سے اسلامک بنکنگ جاری ہے جبکہ پاکستان میں 30 سال قبل اس کا آغاز ہوا اور آج بتدریج اسلامک سیکٹر کا دائرہ کار بڑھ رہا ہے، تقریب سے ریجنل جنرل منیجر عتیق الرحمن میر، اسلامک ہیڈ عمران یوسف شیخ، ریجنل آپریشن منیجر محمد عرفان کھوسٹ، ایریا آپریشن منیجر چوہدری محمد یوسف، برانچ منیجر حافظ کاشف نے بھی خطاب کیا جبکہ خرم شہزاد بیگ، کاشف شفیق، ولید زاہد، سید مظفر زیدی سمیت دیگر شخصیات نے شرکت کی جبکہ کسٹمرز کے سوالات کے جوابات بھی دیے گئے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت بائیس افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت بائیس افراد زخمی ہو گئے پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں بائیس افراد زخمی ہوئے زخمی ہونے والوں میں سات خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے عملہ نے زخمی افراد کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

اسلحہ سے لیس ڈاکوؤں کی رات گئے واردات، نقدی چھین کر فرار

فیصل آباد رپورٹ (سالم الیاس) تھانہ صدر کے علاقہ الہی آباد میں پاسٹر امتیاز عارف 'چیئرمین بین المسالک ونگ سٹی فیصل آباد (غیثل پیس کونسل آف پاکستان) کے ساتھ رات گئے 30:10 کے درمیان اسلحہ سے لیس ڈاکوؤں کی واردات، واردات جاری تھی کہ اسی اثنا میں ایک حلیہ رنگ گورا موچھیں رکھی سلیٹی رنگ کا سوٹ پہنا ہے جبکہ دوسرا موٹر سائیکل چلا رہا تھا اس کا حلیہ ڈارک رنگ کا سوٹ پہنا اور گنگرالے بال ڈاکوؤں 1 عدد موبائل و یو 100 وائے 18000 کیش گن پوائنٹ پر چھین کر فرار، 15 کی کال پر اے ایس آئی تنویر موقع پر موجود تھے۔

ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت بائیس افراد زخمی ہو گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں سات خواتین سمیت بائیس افراد زخمی ہو گئے پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں بائیس افراد زخمی ہوئے زخمی ہونے والوں میں سات خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے عملہ نے زخمی افراد کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

صوبائی امیر جماعت اہل سنت پنجاب سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری نے ملک محمد اکرم کھوکھر کو (میڈیا کوارڈینیٹر بننے پر) انکی ذمہ داریوں کا حلف لیا اور نوٹیفکیشن پیش کیا

عارفوالا (نمائندہ وقت محمد نوید ڈوگر سے) سینئر صحافی ملک محمد اکرم کھوکھر کو جماعت اہل سنت پنجاب کا میڈیا کوارڈینیٹر بنا دیا گیا صوبائی امیر جماعت اہل سنت پنجاب سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری نے ملک محمد اکرم کھوکھر کو (میڈیا کوارڈینیٹر بننے پر) انکی ذمہ داریوں کا حلف لیا اور نوٹیفکیشن پیش کیا صحافی برادری تاجران وکلاء کی جانب سے مبارک باد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا صوبائی امیر جماعت اہل سنت پنجاب سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری نے سینئر صحافی ملک محمد اکرم کو جماعت اہل سنت پنجاب کا میڈیا مقرر کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا اور مدرسہ جامعہ حنفیہ غوثیہ لاہور میں تقریب حلف وفاداری



کا انعقاد کیا گیا جس میں پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری نے حلف لیا اس موقع پر سید صفدر حسین بخاری، سیاسی وسماجی رہنما حاجی انیس عامر بھٹی، بانی یونین آف جرنلسٹ رجسٹرڈ عارف والا ساجد محمود شیخ، ڈویژنل ناظم نشر واشاعت حاجی محمد مشتاق بلوچ، صدر پریس کلب چوہدری حاجی محمد اعجاز، سینئر صحافی راؤ محمد کامران، ریاض احمد شاد محمد ارشد ڈوگر، حافظ نعیم المصطفیٰ قادری، ملک علی نواز، قاسم علی بھٹی و دیگر احباب جماعت اہلسنت پنجاب کا میڈیا کوارڈینیٹر

ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری جاوید اقبال گجر پسوال کے صاحبزادے کی دعوت ولیمہ



قلعہ سیداں چوہدری محمد اشرف گجر میاں سعد الحق بلوچ ایم این اے این اے 97، راؤ عاقب رحیم خاں، میجر ایم اکرم گجر میاں اویس قیصر چوہدری خالد محمود ایڈووکیٹ سابق ایم پی اے چوہدری محمد نواز لالہ موسیٰ، چوہدری ناصر علی گجر ایڈووکیٹ، چوہدری اشرف گجر، ڈاکٹر عدالت خان گجر، چوہدری فیصل محمود چیچی، چوہدری یاسر محمود چیچی، چوہدری ضیاء الحق نمبردار میاں شہزاد احمد بھٹی ایڈووکیٹ، چوہدری شہزاد گجر ایڈووکیٹ، چوہدری محمد ارشد گجر اے ایس آئی پنجاب پولیس نے خصوصی شرکت کی۔

سمندری (تحصیل رپورٹر) ممتاز سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری جاوید اقبال گجر پسوال کے صاحبزادے چوہدری مبشر اقبال گجر پسوال۔ چوہدری علی رضا گجر پسوال۔ چوہدری مدثر اقبال گجر پسوال کے بھائی چوہدری مصور اقبال گجر پسوال کی دعوت ولیمہ، جس میں سید فیض الحسن شان قلیوال سیداں سابق ایم این اے سید مرتضیٰ شاہ



ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے کی ہدایت پر تعمیراتی ڈھانچے مسمار

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے بھاری مشینری اور پولیس فورس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مختلف علاقوں میں مزید تین غیر قانونی و نادہندہ ہاؤسنگ سکیموں کے تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر دیا اور موقع پر دفاتر کو سربمہر کر کے بعض تعمیراتی و دفتری سامان قبضہ میں لے لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے کی طرف سے مقرر کردہ اہداف کے تحت ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء محسن کی زیر نگرانی اسٹیٹ آفیسر میاں قمر شہزاد کی سربراہی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف علاقوں میں

شہر میں پختہ تجاوزات کے خلاف مہم پوری شدت سے جاری رہے گی

کارپوریشن کا عملہ بلا تخصیص تجاوزات گرانے کا کام جاری رکھے، انتظامیہ کسی قسم کے دباؤ میں نہ آئے، کمشنر کی ہدایت



